آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز ہفتہ 09 مئی 2020ء بمطابق 15 رمضان المبارک 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 130

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45
اہل تشیع فجر	04:15
اہل تشیع ظہر	01:00
اہل تشیع مغرب	07:27

بت فورسز کی گاڑی کے قریب دھماکہ میجر سمیت 6 سیکورٹی اہلکار شہید

سیکورٹی فورسز کی گاڑی گشت کے دوران دہشت گردوں کے ممکنہ استعمال کئے جانے والے راستوں پر گشت ختم کرنے کے بعد بیس کی جانب جارہے تھے کہ دھماکہ ہوا

دھماکے کے نتیجے میں میجر ندیم عباس بھٹی، نائک جمشید، لانس نائک تیمور، لانس نائک خضر حیات، سپاہی ساجد، سپاہی ندیم نے جام شہادت نوش کیا

دھماکے کے بعد سیکورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا، شہیدا اور زخمی سیکورٹی اہلکار کو ہسپتال منتقل، علاقے کو گھیرے میں لے کر تخریب کاروں کے خلاف سرچ آپریشن شروع کردیا

کوئٹہ/تربت (آن لائن) ضلع کیچ کے علاقے تلک وکائی میں سیکورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب ریموٹ کنٹرول بم دھماکہ ہوا دھماکے کے نتیجے میں میجر سمیت 6 سیکورٹی اہلکار شہید ہوگئے اور ایک سیکورٹی اہلکار زخمی ہوگیا تفصیلات کے مطابق سیکورٹی فورسز نے ضلع کیچ کے علاقے تلک وکائی کے پہاڑی سلسلے میں گشت کے دوران دہشت گردوں کے ممکنہ استعمال کئے جانے والے راستوں پر گشت ختم کرنے کے بعد بیس کی جانب جارہے تھے کہ دہشت گردوں نے سیکورٹی فورسز کی گاڑی کو ریموٹ کنٹرول بم بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان لاک ڈاؤن میں نرمی کے حوالے سے امور کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

میرے نزدیک عوام کی زندگی سے بڑھ کر اور کچھ بھی اہم نہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان

کورونا وائرس کی سنگین صورتحال میں میرے نزدیک عوام کی زندگی سے بڑھ کر اور کچھ بھی اہم نہیں ہے وزیراعظم عمران خان نے سی ایس ایس میں بلوچستان کو حصہ دینا ایک اچھا اقدام ہے

کورونا وائرس کی بہت سے نتائج ہیں اور حکومت اپنی پوری کوشش کررہی ہیں شعبہ صحت ڈیلی ویجز، کاروبار، ٹرانسپورٹ، بازار، چھوٹے کاروبار سے منسلک افراد، اسکول، او پی ڈی ان سب کو کورونا وائرس نے متاثر کیا ہے

کورنا وائرس سے معاشی وسماجی شعبہ پر مرتب ہونے والے اثرات اور نقصانات آئندہ تا 6 سال تک برداشت کرنے ہونگے معاشی وکاروباری سرگرمیوں کی معطلی سے روزگار کے مواقعوں میں کمی آئی، جام کمال خان

کوئٹہ (ش ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال نے کہا ہے کہ کورنا وائرس سے معاشی وسماجی شعبہ پر مرتب ہونے والے اثرات اور نقصانات آئندہ تا 5 تا 6 سال تک برداشت کرنے ہونگے معاشی و کاروباری سرگرمیوں کی معطلی سے روزگار کے مواقعوں میں کمی آئی جس سے غربت میں بھی اضافہ ہوگا تاہم بہتر معاشی حکمت عملی، ترجیحی شراکت داروں، ڈونرز اور غیر سرکاری تنظیموں کے تعاون سے معاشی وسماجی چیلنجز سے نمٹنے میں مدد مل سکتی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈونرز اور این جی اوز سے رابطہ کے لئے قائم ریسورس کمیٹی کے اجلاس کے دوران کیا کمیٹی کے چیئرمین بال کا کہنا تھا کہ بھی اس موقع پر موجود تھے کمیٹی کے کوآرڈینٹر عمران بلچ کی جانب سے وزیراعلیٰ کو ڈونرز این جی اوز اور ڈویلپمنٹ پارٹنرز سے رابطوں کی پروگریس رپورٹ پیش کی گئی اجلاس کو بتایا گیا کہ امدادی بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

کوئٹہ حکومتی مذاکراتی کمیٹی کے رہنما اصغر خان اچکزئی میر سلیم کھوسہ، مین طلبی تاجران رہنما رحیم کاکڑ رحیم آغا پریس کانفرنس کررہے ہیں

آرمی چیف سے زلمے خلیل زاد کی ملاقات، افغان مصالحتی عمل بارے بات چیت

افغان مفاہمتی عمل کیلئے پاکستان کا بھرپور تعاون جذبہ خیرسگالی کے تحت ہے، آرمی چیف

امریکی نمائندہ خصوصی زلمے خلیل زاد کی بھلے میں امن واستحکام کے لیے پاکستان کے تعاون کی تعریف

راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا ہے کہ افغان مفاہمتی عمل کیلئے پاکستان کا بھرپور تعاون جذبہ خیرسگالی کے تحت ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ سے امریکی نمائندہ خصوصی زلمے خلیل زاد نے ملاقات کی۔ ملاقات میں دوطرفہ امور اور خطے کی مجموعی سکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال اور افغان مصالحتی عمل کے بارے میں بھی بات چیت کی گئی۔ اس موقع پر پاک بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

امریکی نمائندہ برائے افغانستان مصالحتی عمل زلمے خلیل زاد نے ملاقات کی۔

گوادر پورٹ پر پہلا مال بردار جہاز رواں ماہ لنگرانداز ہوگا

سی پیک ٹریڈ بیشن نامی مال بردار جہاز 15 جنوری کو گوادر پہنچے گا جس کی ویلکمنگ کیلئے تمام تر تیاریاں مکمل

اسلام آباد (این این آئی) گوادر پورٹ پر پہلا مال بردار جہاز رواں ماہ لنگرانداز ہوگا۔ حکام کے مطابق گوادر پورٹ میں تجارتی سرگرمیاں بحال ہونے سے افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کے تحت پہلا مال بردار جہاز رواں ماہ لنگرانداز ہوگا۔ سی پیک ٹریڈ بیشن نامی مال بردار جہاز 15 جنوری کو گوادر پہنچے گا بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر میں کورونا وائرس کے مزید 151 کیسز رپورٹ متاثرہ افراد کی تعداد 1876 ہوگئی

مزید 13 افراد کے صحت یاب ہونے کے بعد اب تک صحت یاب ہونے والے افراد کی تعداد 222 ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کورونا وائرس کے مزید 151 کیس رپورٹ ہونے کے بعد متاثرہ افراد کی تعداد 1876 ہوگئی۔ محکمہ صحت کے کورونا وائرس آپریشن سیل کی جاری رپورٹ کے مطابق جمعہ کو صوبے میں ایک ہی دن میں 151 کیس رپورٹ ہوئے جس کے بعد اب تک متاثرہ بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

ملک میں کورونا سے مزید 31 افراد جاں بحق، ہلاکتوں کی تعداد 622 ہوگئی

نئے کیسز سامنے آنے سے مصدقہ مریضوں کی تعداد 26806 تک جاپہنچی، 7530 مریض صحتیاب

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں کورونا وائرس سے مزید 31 افراد جاں بحق ہوگئے جس کے بعد ہلاکتوں کی تعداد 622 ہوگئی، نئے کیسز سامنے آنے سے مصدقہ مریضوں کی تعداد 26806 تک جاپہنچی ہے، 7530 مریض صحتیاب ہوگئے۔ نیشنل کمانڈ اینڈ سینٹر کے مطابق جمعہ ملک بھر بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

اگر ان حالات میں قحط پڑا تو اس کی ذمہ دار وفاقی حکومت ہوگی، بلاول بھٹو زرداری

وفاقی حکومت ٹڈی دلوں پر قابو پانے کے لئے بلا تاخیر ایمرجنسی ایکشن پلان پر عملدرآمد کرے

اسلام آباد (این این آئی) پی پی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے ملک میں ٹڈی دل کی صورتحال پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی حکومت ٹڈی دلوں پر قابو پانے کے لئے بلا تاخیر ایمرجنسی ایکشن پلان پر عملدرآمد کرے، وفاقی اور سندھ حکومت کے اجلاس میں طے شدہ ایکشن پلان بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وزیراعظم عمران خان کی کورونا وائرس کے معاشی اثرات سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کورونا وائرس سے نمٹنے کے لیے حکومت بلوچستان نے اسٹیکس کمیٹی، کور کمیٹی اور فوڈ سیکورٹی کمیٹی بنائی ہے، حاجی محمد خان لہڑی

کوئٹہ (ش ن) صوبائی وزیر صحت و افرادی قوت حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ کورونا وائرس سے پیدا ہونے والی صورتحال سے نمٹنے کے لیے حکومت بلوچستان نے اسٹیکس کمیٹی، کور کمیٹی اور فوڈ سیکورٹی اور سب کمیٹی بنائی ہے تاکہ عوام کی ہر ممکن مدد یقینی بنائی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ چونکہ بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ میں مزید 11 صحافی کورونا وائرس کے شکار ہوگئے، تعداد 27 ہوگئی

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں مزید 11 صحافی کورونا وائرس کے شکار ہوگئے تعداد 27 ہوگئی محکمہ صحت کے بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

جمعیت علماء اسلام کی سیاست کا مقصد صرف اور صرف عوام کی بلا رنگ ونسل خدمت کرنا ہے، مولانا شام لعل لاری

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے تنظیمی رہنما اور کن بلوچستان اسمبلی مولانا شام لعل لاری نے کہا ہے بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، ایک زخمی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ایک زخمی، پولیس کے مطابق جمعہ کو کوئٹہ کے علاقے دشت بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

صوبے میں کرفیو کے نفاذ کے حوالے سے ابھی الوقت کوئی تجویز زیر غور نہیں ہے، ترجمان بلوچستان حکومت

کوئٹہ (ش ن) صوبائی حکومت کے ترجمان لیاقت شاہوانی نے تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں کورونا وائرس کے بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی میں متحدہ اپوزیشن جماعتوں نے ایک مرتبہ پھر اسمبلی اجلاس بلانے کی ریکوزیشن اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کروادی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی میں متحدہ اپوزیشن جماعتوں نے ایک مرتبہ پھر اسمبلی اجلاس بلانے کی ریکوزیشن اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کروادی تفصیلات کے مطابق جمعہ کو بلوچستان اسمبلی میں متحدہ اپوزیشن جماعتوں نے 19 ارکان کے دستخطوں سے اجلاس بلانے کی ریکوزیشن بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

نیب کو نواز اور شہباز شریف کے کیسز اور لیسز نظر آتے ہیں، مریم اورنگزیب

لاہور (آن لائن) مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے 1976 کے کیس پر شہباز شریف کو بھیجے گئے نوٹس کو مسترد بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

قومی اسمبلی کے بعد سینیٹ اجلاس بھی 12 مئی کو طلب کرلیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کے بعد سینیٹ اجلاس بھی 12 مئی کو طلب کرلیا گیا ہے تاہم اپوزیشن ممبرین سینیٹ بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

تعلیمی بورڈز کے پرائیویٹ سٹوڈنٹس کو پروموٹ نہ کرنے پر غور

اسلام آباد (آن لائن) بورڈز امتحانات میں شامل پرائیویٹ سٹوڈنٹس کے لیے بری خبر، تعلیمی بورڈز کے پرائیویٹ سٹوڈنٹس بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

دبئی سے مزید ایک پرواز 140 مسافر پاکستانیوں کو لے کر فیصل آباد پہنچ گئی

فیصل آباد (آن لائن) دبئی سے مزید ایک پرواز 140 مسافر پاکستانیوں کو لے کر فیصل آباد پہنچ گئی جن میں سی بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

چھوٹے کاروبار اور زراعت کے شعبے پر زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے

وزیراعظم

تمام کوششیں عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے ہونی چاہئیں، چھوٹے کاروبار اور زرعی شعبے کو نوکریاں پیدا کرنے کے قابل بنایا جائے، پی ایس ڈی پی میں منصوبوں کے آغاز سے زیادہ بروقت تکمیل پر توجہ دی جائے

مختلف شعبوں کو دی جانے والی سبسڈی کے عمل کی کڑی نگرانی کی ضرورت ہے، موجودہ اقتصادی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے 'آؤٹ آف دی باکس' حل نکالنے ہوں گے، عمران خان کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ تمام کوششیں عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے ہونی چاہئیں مختلف شعبوں کو دی جانے والی سبسڈی کے عمل کی کڑی نگرانی کی ضرورت ہے، موجودہ اقتصادی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے 'آؤٹ آف دی باکس' حل نکالنے ہوں گے۔ جمعہ کو وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت کورونا وائرس کے معاشی اثرات سے متعلق جائزہ اجلاس ہوا، جس میں وزارت خزانہ کی جانب سے رواں مالی سال کے پہلے 9 ماہ میں معاشی اشاریوں اور کورونا وائرس کے معیشت پر پڑنے والے اثرات پر بریفنگ دی گئی، جبکہ حکومت کی جانب سے ساڑھے 1200 ارب بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

حکومتی مذاکراتی کمیٹی و تاجری تنظیموں کا اتفاق رائے سے اسمارٹ لاک ڈاؤن کا اعلان

اسمارٹ لاک ڈاؤن کا اعلان صبح 3 سے شام 5 بجے تک بازار کھلے رہیں گے' کورونا نہ صرف پاکستان بلکہ پوری دنیا کا مسئلہ ہے' میر سلیم کھوسہ

دکاندار ایس او پیز پر عملدرآمد کرتے ہوئے اپنا کاروبار کریں گے، خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کیخلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

کوئٹہ (آن لائن) حکومتی مذاکراتی کمیٹی و تاجری تنظیموں نے اتفاق رائے سے آج سے اسمارٹ لاک ڈاؤن کا اعلان کرتے ہوئے بلوچستان میں اسمارٹ لاک ڈاؤن کا اعلان صبح 3 سے شام 5 بجے تک بازار کھلے رہیں گے اور دکاندار ایس او پیز پر عملدرآمد کرتے ہوئے اپنا کاروبار کریں گے خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کیخلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی عید تک اسمارٹ لاک ڈاؤن کریں گے پر اتفاق ہوگیا ہے یہ بات عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر و پارلیمانی لیڈر اصغر خان اچکزئی، صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ، رکن صوبائی اسمبلی مین خان لگھی، وزیراعلیٰ بلوچستان کے کوارڈینیٹر بال کاکڑ، ڈی سی کوئٹہ اور تحریک بلدیاتی مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آغا، انجمن تاجران و دکانداران کے صدر سید امرالدین آغا نے ہفتے کی شام ڈی سی آفس میں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ تاجروں کے ساتھ کافی دن سے مشاورت جاری تھی جس بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

صوبے کے اکثر تجارتی علاقوں میں پینے کیلئے بھی پانی دستیاب نہیں، ڈاکٹر رباب بلیدی

عالمی ادارہ صحت کے اسٹینڈرڈ آپریٹنگ پروسیجر کا مکمل اطلاق بلوچستان میں ممکن نہیں

مشکل کی اس گھڑی میں مشکل فیصلے کرنا ہونگے، پارلیمانی سیکرٹری محکمہ صحت بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) پارلیمانی سیکرٹری محکمہ صحت بلوچستان ڈاکٹر رباب بلیدی نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کی روک تھام و تدارک کیلئے بلوچستان کے معروضی حالات کے مطابق ہوم آئسولیشن پالیسی کی ضرورت ہے عالمی ادارہ صحت کی جانب سے تشکیل دیئے گئے اسٹینڈرڈ آپریٹنگ پروسیجر کا مکمل اطلاق بلوچستان میں ممکن نہیں صوبے کے اکثر تجارتی علاقوں میں پینے کیلئے بھی پانی دستیاب نہیں ایسی صورتحال میں ہم عوام کو صابن یا ہاتھ دھونے کی ترغیب کیسے دے سکتے ہیں مشکل کی اس گھڑی میں مشکل فیصلے کرنا بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

ہم بحیثیت ایک متحد قوم ملکر کورونا وائرس پر جلد قابو پالیں گے، لیاقت شاہوانی

لاک ڈاؤن میں نرمی یا مزید سختی کا فیصلہ مجاز اتھارٹی حقائق کو سامنے رکھتے ہوئے اور پوری مشاورت سے کریں گے، ترجمان حکومت بلوچستان

موجودہ صورتحال میں ایس او پیز پر عمل کرنا انتہائی ضروری ہے، صوبائی حکومت صوبے میں بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے

کوئٹہ (ش ن) ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ اگر کچھ عرصہ بازاروں کے ویران رہنے سے ہسپتال ویران رہتے ہیں تو یہ کوئی گھاٹے کا سودا نہیں، مشکل کی اس گھڑی میں عوام کی صحت کا تحفظ اولین ترجیح ہونی چاہیے، صوبائی حکومت اپنی پوری کوشش کررہی ہے کہ عوام کو مناسب سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، عوام بھی کورونا وائرس کی تمام تر احتیاطی تدابیر پر عمل پیرا ہو کر حکومت کا ساتھ دیں۔ ترجمان صوبائی حکومت لیاقت شاہوانی نے کہا کہ لاک ڈاؤن میں نرمی یا مزید سختی کا فیصلہ مجاز اتھارٹی حقائق کو سامنے رکھتے ہوئے اور پوری مشاورت سے کریں گے، ان کا کہنا تھا کہ موجودہ صورتحال میں ایس او پیز پر عمل کرنا انتہائی ضروری ہے، صوبائی حکومت صوبے میں بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے تاکہ عوام کی صحت کا تحفظ ممکن ہوسکے بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

چینی بحران، تحقیقاتی کمیشن نے شاہد خاقان عباسی کو پیش ہونے کی اجازت دے دی

شاہد خاقان عباسی اور خرم دستگیر شواہد فراہم کرنے کیلئے 9 مئی کو آسکتے ہیں، ایف آئی اے

اسلام آباد (آن لائن) چینی بحران کی تحقیقات کے لیے تشکیل دیے گئے تحقیقاتی کمیشن نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر نائب صدر اور سابق وزیراعظم شاہد خاقان کو شہادت پیش کرنے کے لیے پیش ہونے کی اجازت دے دی۔ اس حوالے سے وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے بذریعہ خط شاہد خاقان عباسی کو آگاہ کیا۔ ایف آئی اے کے جوابی خط میں کہا گیا کہ شاہد خاقان عباسی اور خرم دستگیر 9 مئی کو ایف آئی اے ہیڈ کوارٹر اسلام آباد آسکتے ہیں۔ شاہد خاقان عباسی نے چینی کے بحران بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

اسلام آباد چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی سے وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات شبلی فراز نے ملاقات کررہے ہیں

بلوچستان حکومت اور تمام سیکورٹی ادارے ایک پیج پر ہیں، نور محمد دمڑ

صوبائی حکومت کی بہترین، سنجیدہ اقدامات اور سیکورٹی فورسز کے جوانوں کی قربانیوں کے بدولت صوبے میں امن وامان میں کافی حد تک بہتری آگئی

ہر ممکن سیلاب متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑے گے سیلاب متاثرین کے نقصانات کا ازالہ کرنے کیلئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے تعین دہانی کرائی ہے، صوبائی وزیر

ہرنائی (آن لائن) بی این پی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر بی ایچ ڈی و اساعاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ صوبائی حکومت کی بہترین، سنجیدہ اقدامات اور سیکورٹی فورسز کے جوانوں کی قربانیوں کے بدولت صوبے میں امن وامان میں کافی حد تک بہتری آگئی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے بیان میں کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ صوبائی حکومت کی بہترین، سنجیدہ اقدامات اور سیکورٹی فورسز کے جوانوں کی قربانیوں کے بدولت صوبے میں امن وامان میں کافی حد تک بہتری آگئی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے بیان میں کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ صوبائی حکومت کی طرف سے عوام کی فلاح وبہبود کیلئے ہر ممکن اقدامات کررہی ہیں انہوں نے کہا کہ صوبے میں امن وامان کے قیام سمیت تمام اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے پر بھرپور توجہ دے رہی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان میں بہتری ایف سی پولیس، لیویز سمیت تمام لائن فورسز سیکورٹی اداروں کی شہداء کی قربانیوں کا نتیجہ ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت اور تمام سیکورٹی ادارے ایک پیج پر ہونے کے باعث صوبے کے امن وامان روز بروز بہتر ہورہی ہے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ اس وقت پوری دنیا کورونا کی لپیٹ میں بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

بیرون ملک سے ایک لاکھ سے زائد پاکستانی وطن واپس آنا چاہتے ہیں، ترجمان دفتر خارجہ

صوبائی حکومتوں کی جانب سے قرنطینہ کی سہولیات کی فراہمی پر پاکستانیوں کی واپسی تیز ہوسکے گی،

مقبوضہ کشمیر کی صورتحال پاکستان کے لیے باعث تشویش ہے، عائشہ فاروقی

اسلام آباد (این این آئی) دفتر خارجہ کی ترجمان عائشہ فاروقی نے کہا ہے کہ بیرون ملک پھنسے ایک لاکھ سے زائد پاکستانی وطن واپس آنا چاہتے ہیں تاہم قرنطینہ کی سہولیات کی کمی کا مسئلہ درپیش ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق ذریعہ فون غیر رسمی گفتگو میں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومتوں کی جانب سے قرنطینہ کی سہولیات کی فراہمی پر پاکستانیوں کی واپسی تیز ہوسکے گی۔ انہوں نے بتایا کہ بیرون ملک پھنسے ایک لاکھ سے زائد پاکستانی وطن واپس آنا چاہتے ہیں لیکن ہمارے پاس قرنطینہ کی سہولیات کی کمی کا بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

ایل او سی کی صورتحال پر بھارتی سینئر سفارتکار دفتر خارجہ طلب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے بھارتی قابض افواج کی جانب سے بغیر اشتعال لیکن معاشی طور پر کمزور ممالک کیلئے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد کی اپیل کی۔ 2 ارب ڈالر سے بڑھ کر 6 ارب 77 کروڑ ڈالر کردی ہے۔ پاکستان بھی ان ممالک میں شامل ہے۔ غیر ملکی خبررساں بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

وزیراعظم کا جان بچاؤ ادویات کی آڑ میں بھارت سے معمول کی ادویات درآمد کرنیکی کوشش کا نوٹس

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم عمران خان نے جان بچانے والی ادویات کی آڑ میں بھارت سے معمول کی ادویات درآمد کرنے کی کوشش کا نوٹس لیتے ہوئے معاون خصوصی شہزاد اکبر کو تحقیقات کرکے حقائق سامنے لانے کی ہدایت کردی ہے۔ وفاقی کابینہ کے گزشتہ اجلاس میں لائف سیونگ ادویات کے ساتھ ساتھ ملٹی وٹامن بھارت سے بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

جولائی کے پہلے ہفتے اور اگست جولائی میں کورونا کیسز پیک پر پہنچ سکتے ہیں

چیف سیکرٹری بلوچستان

کورونا وائرس کے پھیلاؤ کی روک تھام کے لیے حکومتی اقدامات کے ساتھ عوام کا مکمل تعاون ضروری ہے، کیپٹن (ر) فصیل اصغر

بعض رونا مریض گردوں، ہارٹ اٹیک، شوگر یا کسی کی وجہ سے فوت پائے ہیں یہ وقت انتہائی احتیاط کا ہے عوام کو محتاط رہنے کی ضرورت ہے

کوئٹہ (ش ن) چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فصیل اصغر نے کہا کہ کورونا وائرس کے پھیلاؤ کی روک تھام کے لیے حکومتی اقدامات کے ساتھ عوام کا مکمل تعاون ضروری ہے کیونکہ اس میں انفرادی سطح سے لیکر اجتماعی سطح تک ہر فرد کو اپنی ذمہ داری کو پورا کرنا ہوگا دگر نہ یہ موذی مرض جو بڑی تیزی سے پھیل رہا ہے اس کا پھیلاؤ خطرناک ہوجائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتے کے روز یہاں بلوچستان کمانڈ و آپریشن سینٹر کی جانب سے بلوچستان یونیورسٹی کے ریسرچ اساتذہ کی تحقیق کی روشنی میں تیار کردہ رپورٹ، اس کے مضمرات اور اور وہ مطلوبہ آمد کی ممکنات کے حوالے سے ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت دوستین جمالدین، سی بلوچستان کمانڈ و آپریشن سینٹر کی جانب سے نوکل پرسن خانم حسین، اسسٹنٹ کمشنر محترمہ عمیر ابلوچ بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

اقوام متحدہ نے مغربی ممالک کے لیے 6.77 ارب ڈالر امداد کی اپیل کردی

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ نے ناول کورونا وائرس کی عالمی وبا سے نمبرد آزما لیکن معاشی طور پر کمزور ممالک کیلئے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد کی اپنی اپیل 2 ارب ڈالر سے بڑھا کر 6 ارب 77 کروڑ ڈالر کردی ہے۔ پاکستان بھی ان ممالک میں شامل ہے۔ غیر ملکی خبررساں بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

چیئرمین سینیٹ کی زیر صدارت سینیٹ کی ہاؤس بزنس ایڈوائزری کمیٹی کا اجلاس

سینیٹ کے ریکوزیشن کیے گئے اجلاس کے انعقاد کے حوالے سے پارلیمانی رہنماؤں کے ساتھ مشاورت کی گئی

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی کی زیر صدارت سینیٹ کی ہاؤس بزنس ایڈوائزری کمیٹی کا اجلاس پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا جس میں سینیٹ کے ریکوزیشن کیے گئے اجلاس کے انعقاد کے حوالے سے پارلیمانی رہنماؤں کے ساتھ مشاورت کی گئی۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ سینیٹ اجلاس کے انعقاد کے لئے غیر معمولی اقدامات اٹھائے گئے ہیں کیونکہ یہ اجلاس ایسے موقع پر منعقد ہونے جارہا ہے جبکہ پاکستان سمیت عالمی سطح پر کرونا وائرس کے باعث مشکلات بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

اسلام آباد صدر ڈاکٹر عارف علوی قومی اسمبلی اجلاس کے انعقاد کے انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے قومی اسمبلی کا دورہ کررہے ہیں

بلوچستان اور سندھ میں پولیو کے مزید 4 کیسز کی تصدیق

ملک بھر میں رواں برس پولیو کیسز کی مجموعی تعداد 47 ہوگئی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اور سندھ میں پولیو کے 4 نئے کیسز رپورٹ ہونے کے بعد رواں سال ملک میں پولیو کیسز کی تعداد 47 ہوگئی۔ نیشنل انسٹیٹیوٹ آف ہیلتھ (این آئی ایچ) کے عہدیدار کا کہنا ہے کہ بلوچستان میں 3 اور سندھ میں ایک بچی میں پولیو کی تصدیق ہوئی۔ ان میں سے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں پولیو کے 3 کیسز سامنے آئے۔ محکمہ صحت بلوچستان کے مطابق ژوب میں یونین کونسل اسلام یار سے تعلق رکھنے والی 8 ماہ کی بچی میں پولیو کی تصدیق ہوئی جس کے نمونے 16 اور 17 اپریل کو لیے گئے تھے۔ علاوہ ازیں اضلاع پولیو مہم کے دوران جب پولیو ٹیم نے دروکہ کیا تھا تو بچی کے والدین نے بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

کوئٹہ ضلع کیچ میں بم دھماکے میں شہید ہونے والے پاک فوج کے آفیسر اور اہلکاروں کی فائل فوٹو

چینی سلیروں کی غیر منصفانہ تقسیم کیخلاف احتجاج، پولیس کا شہریوں پر تشدد

پولیس احتجاج کرنیوالے مظاہرین گرفتار کرکے تھانے لے گئی، بھائیوں سے بھی بدتمیزی

گوادر (آن لائن) حکومت چین کی جانب سے آئے ہوئے سلیروں کی غیر منصفانہ تقسیم کے خلاف احتجاج کرنے والے شہریوں پر پولیس کا تشدد، بھائیوں سے بدتمیزی، تفصیلات کے مطابق حکومت چین نے گوادر کے عوام کے لیے چار ہزار سے زائد سلیر سسٹم فراہم کردیے تھے اور سلیر گزشتہ ایک سال سے گوادر پورٹ میں پڑے ہوئے تھے گزشتہ ہفتے ایک تقریب کے دوران گوادر پورٹ حکام نے سلیر عوامی نمائندگان اور بااثر گیرتنظیموں کے حوالے کردیے جس پر مختلف طبقہ لوگوں کی جانب سے سلیروں بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

چین سے ایک اور طیارہ 17 ٹن طبی آلات اور حفاظتی سامان لے کر پاکستان پہنچ گیا

اسلام آباد (آن لائن) چین سے ایک اور طیارہ 17 ٹن طبی آلات اور حفاظتی سامان لے کر پاکستان پہنچ گیا۔ سامان میں 30 جدید ایکسرے مشینیں، 17 ہزار حفاظتی لباس، ایک لاکھ 10 ہزار این 95 ماسک، 20 ہزار میڈیکل ماسک اور 82 کارٹن سرجیکل گا

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

09 مئی 2020ء

کوئٹہ سمیت لاک ڈان 46 ویں روز میں داخل

کوئٹہ سمیت لاک ڈان 46 ویں روز میں داخل ہوگیا، کورونا کیسز میں روز بروز اضافے کے باوجود شہریوں کی حکومتی احکامات پر عملدرآمد میں غیر سنجیدگی ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں میں جزوی لاک ڈان 46 ویں روز بھی جاری ہے، شہر کی مختلف شاہراہوں پر ٹریفک کی آمدورفت اور حکومتی احکامات کی خلاف ورزی بھی نظر آرہی ہے، لوگ لاک ڈان کی افادیت جاننے کے باوجود اس پر عمل کرتے نظر نہیں آتے ہیں سڑکوں پر نکلے لوگ ہی لاک ڈان پر عملدرآمد اور سماجی فاصلوں سے کورونا کو شکست دینے کا مشورہ دے رہے ہیں حکومت کی جانب سے اجازت ملنے والے کاروبار کھلے ہوئے ہیں تاہم لوگوں کی جانب سے احتیاطی تدابیر پر مکمل عملدرآمد نہیں کیا جارہا، مختلف ناکوں پر ٹریفک پولیس بھی اپنے فرائض سرانجام دیتی نظر آرہی ہے لاک ڈاؤن کے دوران مارکیٹیں، شاپنگ مالز، تجارتی مراکز بند رہی پیکنگ پوائنٹس، تربیتی مراکز، بیوٹی پارلرز مکمل طور پر بند ہے پیٹرول پمپس، کھجور سمیت اشیاء خرد ونوش کی دوکانوں کو لاک ڈاؤن سے استثنیٰ حاصل ہے شہر میں دفعہ 144 کے تحت موٹر سائیکل کی ڈبل سواری پر پابندی برقرار ہے میڈیکل اسٹورز، کریانہ، سبزی، فروٹ، ڈرمی اور تعمیراتی شعبے کے مراکز لاک ڈاؤن سے استثنیٰ حاصل ہے بین اضلاعی اور بین الصوبائی ٹرانسپورٹ پر پابندی برقرار ہے۔

شہید لیفٹیننٹ شیخ عمران مندوخیل کی دسویں برسی

یہ ماہ وسال گزر جائیں گے بہت سے مگر۔

کمال مری

ہمیشہ لگے گا کہ تم گئے ہو ابھی۔

وطن سے محبت رکھنے والے کسی انعام کی خواہش نہیں رکھتے وہ اپنے وطن کی فلاح وبہبود کے لیے ذاتی اغراض اور فائدوں کو بے دریغ قربان کر دیتے ہیں۔ ایک شخص کی اپنے وطن کیلئے محبت اس سے بڑھ کر کیا ہوسکتی ہے کہ وہ اس کے لئے اپنی جان دے دے یہ چند الفاظ کس ایسے ہی جوان کی یاد میں جس کا نام عمران مندوخیل ہے۔ ذوب سے تعلق رکھنے والے شیخ عمران سے میری ملاقات بی آر سی نوراڈائی میں ہوئی۔ ایک نہایت ہی نفیس زندہ دل اور رحمدل انسان جس نے میری زندگی کے تیرہ سال حسین کر دیے اور ان تیرہ سالوں سے ہماری کئی یادیں وابستہ ہیں اس کے قدوقامت اور شوق کو دیکھ کر کوئی بھی یقین سے کہہ سکتا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے اسے پاک فوج کی خدمت کے لئے ہی پیدا کیا ہے کالج کے بعد وہ فوج میں بھرتی ہوگیا اور اپنی خدمات بڑی ایمانداری سے سرانجام دیں۔ لیفٹیننٹ عمران کو 2010ء میں اورکزئی ایجنسی میں ایک آپریشن پر بھیجنے کا بلاوا آیا یہ خبر سنتے ہی وہ ایک مسکراہٹ کے ساتھ اپنے فرض کی پاسداری کے لیے نکل پڑا۔ سامنے دشمن اور ایک اس طرف شہادت کا جذبہ لئے عمران مندوخیل ڈٹ کر کھڑا تھا لڑتے لڑتے وہ اپنے ساتھیوں سے کچھ دور نکل گیا جہاں دشمن کثرت سے موجود تھا اتنے میں ایک گولی ان کے سینے سے جا ٹکرائی مگر وہ بہادر سپاہی جان کی پرواہ کیے بغیر لڑتا رہا آخر کار اس کے جسم نے اس کی روح کا ساتھ چھوڑ دیا اور وہ اس جہان فانی سے کوچ کر گئے لفٹیننٹ عمران کی خواہش تھی کہ وہ ایک لمبے عرصے کی زندگی جئیں اور جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ شہید کبھی مرتا نہیں اسے اللہ تعالیٰ رزق دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے اس کی یہ خواہش بھی پوری کر کے دی۔ چند روز بعد پاک فوج کے چند سپاہی اس کے گھر اسے خراج تحسین پیش کرنے پہنچ گئے یہ منظر دیکھ کر اس کی والدہ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے مگر ان کے ہونٹوں پر مسکراہٹ تھی اور سر فخر سے بلند تھا۔

سوچتا ہے آج بھی بحر و بر میں اگر کوئی۔
تیرگی ہے کس قدر کتنی طویل رات ہے۔
کرو بلا شدید ہے سچ مگر یہی عیاں۔
شہید کی جو موت ہے وہ قوم کی حیات ہے۔

مصیبت کی گھڑی اور حکومتی خدمت

مدد وہ جو مصیبت کی گھڑی میں کی جائے آج جہاں کورونا وائرس نے پوری دنیا کو اپنے لپیٹ میں لے لیا ہے تو وہاں اس کے تدارک کیلئے دنیا بھر کے لوگ اپنے اپنے گھروں میں محصور ہو کر رہ گئے ہیں پاکستان میں بھی آج مختلف کونوں حصوں سے کورونا وائرس پھیل رہا ہے موجودہ حکومت نے عوام کی زندگیوں کو محفوظ رکھنے کیلئے ملک بھر میں لاک ڈاؤن کر دیا تاکہ کسی بھی جانی المیہ سے بچا جاسکے ایسے حالات میں جہاں لوگ اپنے گھروں میں قید ہو گئے اس تناظر میں عوام کو سخت معاشی حالات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا ایسے مشکل اور کٹھن حالات میں موجودہ عوامی حکومت نے عوام کی بھرپور انداز میں مدد کرنے کا تہیہ کر لیا اور غریب اور مستحق افراد کی بھرپور حوصلہ افزائی کیلئے ملک بھر میں عملی اقدامات کرنا شروع کر دیا اور ملک کی تاریخ کی سب سے بڑی امدادی رقم کی فراہمی کیلئے اپنی فرکس کی وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان اور چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر نے بلوچستان بھر کے مستحق افراد کی بہتر انداز میں حکومتی امداد کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات کرنے کے احکامات دیئے بغیر کسی مشکلات کے انہیں حکومتی امداد کی فراہمی ممکن ہو سکے جسے عملی جامہ پہنانے کیلئے کمشنر نصیر آباد عابد سلیم قریشی کے احکامات پر ڈویژن بھر کے تمام اضلاع کو ہدایات جاری کی گئیں کہ مستحقین کی امدادی وصولی کیلئے جلد از جلد اقدامات کئے جائیں اب ایک تو کورونا وائرس کا ممکنہ پھیلاؤ کے خطرات اور دوسری جانب مستحقین میں امداد رقم کی منصفانہ تقسیم بھی کسی چیلنج سے کم نہیں تھا ایسے حالات سے نبرد آزما ہونا حقیقتاً ایک بڑی آزمائش تھی کیونکہ جہاں امداد تقسیم کی جائے وہ بھی ہیوں کی امداد ہو تو وہاں پر خواہ مخواہ بھی بے جا ہنگم نہ ہو ایسے ممکن ہی نہیں۔ ایسے حالات سے نمٹنے کیلئے نصیر آباد ڈویژنل انتظامیہ سربراہ کر بینہ گئی حکومت کی جانب سے لاک ڈاؤن کے دوران پہلے مرحلے میں نصیر آباد ڈویژن بھر میں احساس پروگرام کے تحت 38 ہزار 29 مستحقین میں فی کس 12 ہزار روپے کی فراہمی کا عمل شروع کر دیا نصیر آباد ڈویژن بھر کے پانچوں اضلاع کے مستحقین میں حکومت کی جانب سے 45 کروڑ 63 لاکھ 48 ہزار روپے تقسیم کرنے کا ہدف تھا جس کیلئے مختلف علاقوں میں احساس پروگرام کے سینٹرز قائم کر کے مستحقین میں رقوم کی فراہمی کا عمل شروع کیا گیا نصیر آباد ڈویژن میں 16 احساس پروگرام سینٹرز قائم کئے گئے ہیں تمام ڈپٹی کمشنرز اور اس کے ماتحت عملہ سینٹرز کا دورہ کر کے صورتحال کا معائنہ کرنے پر معمور کر دیا گئے پانچوں اضلاع میں غریب اور مستحقین افراد میں حکومت کی جانب سے مالی امداد کی منصفانہ تقسیم کی فراہمی انتظامیہ کی جانب سے پہلا امتحان تھا کیونکہ کورونا وائرس کے پھیلاؤ سے بچنے کے ساتھ ساتھ عوام کو سخت موسمی حالات سے بچانے کیلئے بھی اقدامات کرنے تھے جسے مدنظر رکھتے ہوئے سینٹرز میں عوام کیلئے سہولیات بھی فراہم کرنا تھیں جبکہ پولیس اور ایف سی کے جوانوں نے بھی عوامی خدمت میں اپنے فرائض سرانجام دیئے تھے تاکہ کورونا سے بچاؤ کے لیے عوام میں شعور پیدا کر کے انہیں فاصلے میں رکھا جائے ضلع نصیر آباد کے ڈپٹی کمشنر حافظ محمد قاسم کا کہنا ہے ضلع بھر میں 8 ہزار 5 سو 55 مستحقین کیلئے احساس پروگرام کے تحت چار سینٹرز قائم کروائے جن میں ڈیرہ مراد جمالی شہر میں دو جبکہ تحصیل صحبت پور اور مجھو شورو میں بھی علیحدہ علیحدہ سینٹرز قائم کیے گئے جہاں سے مستحقین نے دس کروڑ 26 لاکھ 60 ہزار روپے وصول کئے اسی طرح ضلع جعفر آباد ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق بلوچ نے ضلع بھر میں پانچ سینٹرز قائم کیے جہاں سے 17 ہزار ایک سو 36 مستحقین کیلئے ڈیرہ اللہ یار اور اوستہ محمد میں دو دو جبکہ گندا خہ میں ایک سینٹر ہائی سکول میں بنایا گیا تھا مجموعی طور پر 20 کروڑ 56 لاکھ 32 ہزار روپے وصول کئے گئے اسی طرح ضلع لہری بولان اس وقت کے ڈپٹی کمشنر سلطان احمد لہری نے 4 ہزار 3 سو 19 افراد کیلئے دو سینٹر قائم کیے وہ سینٹرز ایک ڈھاڈر اور ایک بھاگناڑی شہر میں علیحدہ علیحدہ سینٹرز قائم کئے گئے جہاں سے مستحقین نے 5 کروڑ 18 لاکھ 28 ہزار روپے کی امانت وصول پائی ڈپٹی کمشنر ضلع جھل مگسی شرجیل نور نے بھی 32 سو 30 مستحقین کیلئے گندا وا سنی اور جھل مگسی کے انٹر کالج میں احساس پروگرام کے تحت سینٹرز قائم کئے ان سینٹرز سے 3 کروڑ 87 لاکھ 60 ہزار روپے عوام میں تقسیم کئے ان کے علاوہ ضلع صحبت پور کے ڈپٹی کمشنر محمد یونس سنجرانی نے بھی حکومتی اقدامات پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کیلئے 4 ہزار 7 سو 89 مستحق خواتین کیلئے تین سینٹرز کا قیام عمل میں لایا تاکہ عوام کی مشکلات میں کمی واقع ہو ایک سینٹر صحبت پور سٹی میں جبکہ ماتھی پور اور پنجور سبزوئی میں بھی ایک ایک سینٹر قائم کیا گیا ان سینٹرز سے 5 کروڑ 74 لاکھ 68 ہزار روپے مستحقین میں تقسیم کئے گئے ان تمام سینٹرز میں پولیس کے ساتھ ساتھ ایف سی کی بھاری نفری بھی تعینات کی گئی ہے تاکہ کورونا وائرس کے پیش نظر لاکھ ڈسپلن کے تحت عوام کو فاصلے پر رکھا جائے سینٹرز میں عوام کیلئے مختلف قسم کی سہولیات بھی فراہم کی گئی ہیں سخت موسمی حالات سے بچانے کے لیے ٹینٹ بھی لگائے گئے ہیں تاکہ عوام کو کسی بھی مشکلات سے دوچار ہونا نہ پڑے اس کے ساتھ ساتھ حکومت کی جانب سے پہلا مرحلہ مکمل ہونے کے بعد دوسرا مرحلہ بھی شروع کر دیا گیا ہے جن افراد نے 8171 پر میسج کیا تھا اور انہیں حکومت جانب سے مستحق قرار دیا گیا ان مستحقین کی بھی مالی امداد کا عمل شروع ہو گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

کورونا اور سفید پوش مزدور طبقہ

ابوبکر دانش میروانی

کیا کوئی ایسی حکومتی کسوٹی، کوئی ایسا پیمانہ یا کوئی ایسا سافٹ ویئر ہے جو ان سفید پوش محنت کشوں اور مزدوروں کے دلوں پر بھوک کی لکھی ہوئی ثبت تحریریں پڑھ سکے۔ ان کے بارے میں سوچ سکے انسان خطرناک اور جدید ترین توپ و اسلحہ سے لیس تربیت یافتہ دشمنوں کی افواج کے حملے کی پیش بندی کر سکتا ہے اور اس کے سامنے کھڑا ہو کر ڈٹ کر مردانہ وار اسکا مقابلہ کر سکتا ہے لیکن ناگہانی آفات اور اچانک پھیلنے والے وبائی امراض کا مقابلہ کرنا آسان کام نہیں ہوتا اس کی واضح مثال یورپ میں تیرہویں صدی میں پھیلنے والی طاعون کی وباء ہے جس نے اندازاً 75 سے 200 ملین لوگوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا تھا، جسے بلیک ڈیتھ کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔ ہر آنے والے نئے برس کو خوش آمدید کہنے کے لیے دنیا بھر میں رنگا رنگ پروگرام سجائے جاتے ہیں اور ان کی تیاریاں دسمبر کے آخری ہفتوں میں شروع ہو جاتی ہیں، لیکن اس برس فلک نے کچھ اور ہی سوچا ہوا تھا، 31 دسمبر 2019 کو فلک سے فیصلہ ہوتا ہے، کیسا فیصلہ؟ ہاں انسانیت کے استحصال کا فیصلہ ایک قہری صورت میں۔ ووہان ہیلتھ آرگنائزیشن چین کے کنٹری آفس کو چینی حکام نے ایک نئی قسم کے کورونا وائرس "نوول کورونا وائرس" کی نشاندہی کی، اور پھر "چشم فلق" نے دیکھا کہ آن کی آن میں دنیا کا دستور ہی بدلتا چلا گیا، چین کے شہر ووہان سے شروع ہونے والی یہ وباء ایک عالمی وباء کی صورت اختیار کر گئی، ایک ایک کر کے دنیا بھر کے ممالک لاک ڈاؤن میں چلے گئے، نہ کوئی سپر پاور رہی نہ کوئی طرم خان، کورونا نے امیر غریب، بچے بوڑھے، مرد و عورت، بزنس مین و وڈیرا، زمیندار، شہنشاہ و پرجا، فنکار و مداح، وزیر و مشیر، ارب پتی و سڑک چھاپ سب کو ایک ہی صف میں کھڑا کر دیا یہاں یہ ہوا کہ کم از کم کورونا نے سب کے ساتھ یہ انصاف کیا کہ اس نے سپر پاور کہلانے والوں اور خطِ غربت سے بھی نیچے درجے میں رہنے والی اقوام میں کوئی فرق روا نہیں رکھا شاید خدا کے ہونے کا یقین دلانا مطلوب تھا، لاک ڈاؤن کی الٹی گنتی حکومتی خودمختار اور ماتحت اداروں، تمام صنعتی، تجارتی اور پرائیویٹ اداروں، تمام پبلک ٹرانسپورٹ، ریل گاڑیوں، بسوں، میٹرو، ہوائی پروازوں، تعلیمی اداروں، ٹریننگ سرٹیفکیٹ، سٹورز، ہوٹل، شاپنگ مالز، ریستوران، جم، سپا، کلبوں، ورکشاپس، گودام، ہفتہ وار بازاروں، تمام سیاسی، سماجی، کھیل، تفریح، اکادمک، ثقافتی، مذہبی تقاریب و جلسوں، تمام مذہبی مقامات، مذہبی عمارات کی بندش، چرچ، کلیسا اور مساجد میں اجتماعی عبادات پر روک، یہاں تک کہ آخری مذہبی رسومات کی ادائیگی میں بھی قلیل لوگوں کی شرکت کی شرط پر منتج ہوئی۔ عالمی معیشت کو شدید ترین دھچکا لگا اور دنیا کی تاریخ میں پہلی بار تیل جسے بلیک گولڈ بھی کہا جاتا ہے کی قیمت منفی سطح تک گر گئی، آکسفورڈ یونیورسٹی اور کنگز کالج لندن کی ایک تحقیق کے مطابق کورونا وائرس کی وجہ سے پیدا ہونے والی اس شدید ترین معاشی زبوں حالی کے اثرات عالمی غربت میں تقریباً نصف ارب تک کا اضافہ کر سکتے ہیں اور اس وائرس کی وجہ سے پیدا ہونے والی معاشی بحران طبی بحران سے کہیں زیادہ شدید ہوگا جو عالمی سطح پر غربت کے اضافے کا سبب بنے گا، پاکستان میں ایک کروڑ سے زائد افراد کے بے روزگار ہونے کا خدشہ ہے، جبکہ سپر پاور امریکہ میں گزشتہ چھ ہفتوں میں تقریباً 3 کروڑ افراد بے روزگار ہو گئے ہیں۔ عالمی سطح پر کورونا وائرس کی وجہ سے پیدا ہونے والے بے روزگاروں کی امداد کی جاری ہے اور اس بے روزگاری میں صف اول پر بے چارے مظلوم مزدور کھڑے ہیں، دنیا کے ارب پتی، خیراتی تنظیمیں اور مخیر لوگ بھی بڑھ چڑھ کر غریبوں کی مدد کرنے کی حتی الامکان کوششوں میں مصروف ہیں، پاکستان میں بھی غریبوں اور بے روزگار ہونے والے مزدوروں کی مدد کے لیے حکومت پاکستان نے احساس کفالت پروگرام اور پہلے سے جاری بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے بلاشبہ احسن اقدام اٹھایا ہے، لیکن اس کا فائدہ کس حد تک پہنچا ہے یہ ایک سوالیہ نشان ہے، وہ سفید پوش مزدور لوگ جو کسی سے مانگتے نہیں کیا ان تک کوئی بھی امداد پہنچ سکی ہے؟

بقول شاعر
مجھے کہیں کا نہ رکھا سفید پوشی نے
میں گر گرا اٹھا تھا تو معتبر بھی تھا

سفید پوش کون ہیں، سورۃ البقرہ میں اللہ تعالیٰ ان کے بارے میں فرماتے ہیں "(مالی امداد کے بطور خاص) مستحق وہ تنگ دست فقراء ہیں جو اللہ کے کام میں ایسے گھر گئے ہیں کہ اپنی ذاتی کسب معاش کے لیے زمین میں کوئی دوڑ دھوپ نہیں کر سکتے، ان کی خودداری دیکھ کر ناواقف آدمی گمان کرتا ہے کہ یہ خوش حال ہیں، تم ان کے چہروں سے ان کی اندرونی حالت (جاری ہے)

سرگوشی

کورونا وائرس نہیں ایک سازش ہے،
یہود و ہنود کا اہل اسلام کے خلاف انتہائی بھیانک اور خطرناک سازش ہے،
کورونا وائرس کو پھیلانے میں جو طوفان بپا کیا گیا تھا، اب

حیدر موسیانی

اسکا گرد و غبار آہستہ آہستہ چھٹنے لگا ہے،
اور مطلع صاف ہونے سے تمام حقائق سامنے آنے لگے ہیں۔۔۔
پوری دنیا نے دیکھا کہ
کورونا وائرس کے پھیلتے ہی تمام ملکوں میں سرعت سوچے سمجھے منصوبے کے تحت یکدم سے لاک ڈاؤن کر دیا گیا۔۔۔
عمل اسقدر تیزی اور رازداری سے ہونے لگا کہ کسی کو شک وشبہات میں پڑنے اور اس بارے میں سوچنے کا موقع بھی نہیں دیا گیا۔۔۔
اگر آپ ٹھنڈے دماغ سے سوچیں تو یہ صرف اور صرف اسلام، مسلمان، بیت اللہ، مسجد نبوی، دینی مدارس مساجد کے خلاف سازش ہے۔۔۔
اسوقت علاوہ مسلمان کے تمام مذاہب پر آزادی ہے۔۔۔
ہنود و یہود اپنے کارندوں کے ذریعے پوری دنیا میں خوف پھیلا کر بیت اللہ اور روضہ رسول سمیت مسجد نبوی بھی بند کروا دیا، اسکے ساتھ ساتھ تمام مساجد مدارس بھی بند کروانے میں کامیاب ہو گئے۔۔۔
یہاں ایک بات پر غور کریں کہ
کورونا وائرس کی ضد کسی اور مذہب سے نہیں بلکہ صرف مسلمانوں کی مساجد و مدارس حج وعمرہ عبادات سے ہے۔۔۔
اسلام میں حکم ہے کہ مسلمان دوسرے مسلمان سے مصافحہ کریں۔۔۔
نماز میں کندھے سے کندھا ملا کر کھڑے ہو جائیں۔
درمیان میں فاصلہ نہ رہے،
تاکہ شیطان تمہاری صفوں میں داخل نہ ہو سکے۔۔۔
نماز مساجد میں باجماعت ادا کریں۔۔۔
ہنود و یہود نے سب سے پہلے مسلمانوں میں خوف پھیلا کر ان تمام چیزوں پر پابندی عائد کروادی۔۔۔
دلچسپ بات یہ ہے کہ سازش کے تحت ملک کے سربراہ کے ذریعے ریاستی مشینری کو یہ کہلوایا گیا کہ لوگ اکٹھے نہ ہوں۔ اس سے کورونا وائرس پھیل جائے گا۔۔۔
جہاں بھی کوئی ہلاکت ہوتی ہے اُسے زبردستی کورونا وائرس کے کھاتے میں ڈالا جاتا ہے، گزشتہ دنوں کراچی میں ایک عورت کے کئی ٹیسٹ منفی آنے کے باوجود بزور طاقت اسے کورونا سے منسوب کر کے اس کا قتل کر دیا گیا۔۔۔ ہمارے ہاں اداروں کی کوشش ہوتی ہے کہ ہر مرنے والے کو کورونا مریض ظاہر کر کے لکھ پتی بنا جائے
۔۔۔
اب جگہ جگہ کہتے ہیں کہ اسکا علاج دریافت نہیں ہوا تو لوگ کیسے ٹھیک ہو جاتے ہیں؟
واضح رہے کہ کورونا وائرس نہیں
عالمی سطح پر ایک بہت بڑا کاروبار ہے۔۔۔
اس کاروبار میں ممالک کے سربراہان، تمام وزراء پوری حکومتی مشینری، صوبائی حکومتیں، ڈویژنل سطح پر انتظامی افسران، ڈاکٹروں کے ساتھ ساتھ اوٹی سپاہی بھی اس گھناؤنی سازش میں (نہ چاہتے ہوئے یا لاعلمی کی وجہ سے) شامل ہے۔۔۔
ہمارے ہاں افسران اسے حکم بالا سمجھ کر اداب بجالاتے ہیں، اس سے اوپر کمشنر، سیکریٹریز، وزیر، وزیر اعلیٰ، صدر وزیر اعظم، الغرض اس بہتی گنگا میں سب (عوام کی لاش) کو لیکر غوطے لگا رہے ہیں۔۔۔
عالمی سطح پر اس سازش کو کامیاب کرنے کیلئے پانی کی طرح پیسہ بہایا جارہا ہے۔۔۔
یہ بات ہم مسلمانوں کی سوچ سمجھ سے بہت دور ہے۔۔۔
سازشی عناصر نے بیت اللہ بند کروا کر سعود خاندان کو اپنا اغیر کرلیا ہے باقی لوگ انکے کسی کھاتے میں نہیں آتے۔۔۔
دعا کریں کہ کوئی زندہ یا مردہ ان سازشیوں کے ہاتھ نہ لگ جائے، یہ گدھ سے بدتر لوگ ہماری میتوں کا بھی سودا بیس پچیس لاکھ میں کر ڈالینگے۔۔۔
الکاذبین دھرم ایمان خدا سب پیسہ ہے اور الکاسب سے بڑا دشمن اسلام ہے۔۔۔
وہ مسلمان جو آذان سن کر بھی اپنا کاروبار تھوڑی دیر کیلئے بند کرنے مسجد میں نماز پڑھنے کو تیار نہیں تھا آج ڈنڈے کے زور پر
اپنے کاروبار سے دور رہنے پر مجبور،
مسجد مدرسہ نماز عبادات سے محروم
گھر میں کھیاں مار رہا ہے۔۔۔
کہاں گیا اسکا کاروبار؟
کہاں گئی وہ دولت کی
ریل پیل؟
کہاں گیا وہ جاہ وجلال؟؟؟

ضلع لسبیلہ کی تحصیل لاکھڑا کے لوگ اس جدید اور ترقی یافتہ دور میں بھی تمام بنیادی ضروریات زندگی سے محروم

کسی بھی علاقے کی ترقی اور وہاں کے لوگوں کا معیار زندگی جانچنے اور پرکھنے کے لیے سب سے پہلے یہ دیکھنا ہوتا ہے کہ وہاں کے لوگوں کو آج کی بنیادی ضروریات

سراج علی شیخ

میسر ہیں یا نہیں ضلع لسبیلہ کی سب سے پسماندہ تحصیل لاکھڑا کے لوگ اس جدید اور ٹیکنالوجی دور میں بھی تمام بنیادی ضروریات سے محروم ہے۔ سب سے اہم مسئلہ پینے کے صاف پانی کے ناپید ہونے کا ہے ضلع لسبیلہ کی تحصیل لاکھڑا کے تمام علاقوں میں پانی کی شدید قلت ہے۔ لوگ اور خاص کر خواتین پینے کے صاف پانی کے لیے در در کی ٹھوکریں کھا رہی ہیں لیکن پانی نایاب۔ اکثر لوگ اور جانور سال موسمی جوہڑوں اور تالابوں میں بارش کا جمع ہونے والا پانی ایک ساتھ پینے پر مجبور ہیں۔ جس کی وجہ سے لوگ ہیپاٹائٹس سمیت مختلف اقسام کی بیماریوں میں مبتلا ہیں تحصیل لاکھڑا 21 ویں صدی میں زندگی کی تمام بنیادی سہولیات سے محروم ہے لاکھڑا کے لوگ اس جدید دور میں بھی پتھر کے زمانے کی زندگی بسر کر رہے ہیں یہاں کے لوگ کئی کلومیٹر دور سے گدھوں اور موٹر سائیکل کے ذریعے پانی لانے پر مجبور ہیں اس کے علاوہ ضلع لسبیلہ کی تحصیل لاکھڑا کا اہم اور بنیادی مسئلہ صحت کی سہولیات کے فقدان کا ہے۔ اگر صحت کے حوالے سے بات کی جائے تو یہاں کی سب سے بڑی ہسپتال "رورل ہیلتھ سنٹر" لاکھڑا ہے جہاں کوئی بھی میڈیکل کی سہولت دستیاب نہیں ہے نا ہی میڈیکل افسران آتے ہیں اور نا ہی ادویات مریضوں کو میسر ہیں۔ جب کہ تحصیل کی سب سے بڑی ہسپتال میں بھی پینے کا پانی تک موجود نہیں ہے۔ پانی کی قلت کی وجہ سے اس ہسپتال کے واش روم کو مقفل کر کے تالے لگا دیے ہیں ضلع لسبیلہ کی تحصیل لاکھڑا کے افسر اسٹریکچر کا اندازہ لاکھڑا شہر کے مین بازار "وکھار" کی سڑکوں کو دیکھ کر بخوبی لگایا جاسکتا ہے۔ کہ باقی دوسرے دیہات کو جانے والی سڑکوں کا کیا حال ہوگا یہاں کے تعلیمی مسائل کی بات کی جائے تو گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول لاکھڑا کی جہاں لڑکیوں کا سکول نہ ہونے کی وجہ سے مجبور والدین اپنی بچیوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے کے لیے لڑکوں کے ساتھ مخلوط تعلیم دینے پر مجبور ہیں۔ جب کہ کئی والدین ہائیر گرلز سکول نہ ہونے کی وجہ سے اپنی بچیوں کو گھروں میں بٹھا دیتے ہیں۔ تحصیل لاکھڑا کے سب سے بڑے تعلیمی ادارے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول لاکھڑا میں تین SST سائنس کی پوسٹ پر ایک SST سائنس تعینات ہے اس کے علاوہ 2 ایس ایس ڈی جنرل کی آسامیاں آٹھ سالوں سے خالی ہیں اب آپ اندازہ لگائیں کہ جس ادارے میں 8 برس سے اساتذہ تعینات نہ ہو سکے وہاں کی تعلیمی حالت کیا ہوگی اور اسکول میں طلباء و طالبات کے لیے فرنیچر اور پینے کے پانی کا بھی شدید بحران ہے ضلع لسبیلہ کی تحصیل لاکھڑا سے منتخب نمائندے الیکشن میں کامیابی حاصل کرتے آئے ہے۔ لیکن تحصیل لاکھڑا کے عوام کی قسمت نہیں بدلی۔ یہاں کے لوگ آج بھی اس ترقی یافتہ اور جدید دور میں بھی تمام بنیادی ضروریات سے محروم ہیں۔ جب کہ روزگار میں بھی غریب تعلیم یافتہ نوجوانوں کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے لاکھڑا آج کے اس ترقی یافتہ دور میں بھی موہنجو دڑو کا منظر پیش کر رہا ہے لاکھڑا کے عوام حکمرانوں سے سوال کرتے ہیں کہ آخر کب تک ہم اور ہماری اولادیں جدید سہولیات سے مستفید ہوں گی؟ کب ہمیں پینے کا صاف پانی میسر ہوگا؟ صحت کی سہولیات کب فراہم ہوں گی؟ اچھی اور معیاری تعلیم ہمارا مقدر ہے یا نہیں۔

کرونا کے بعد (آخری قسط)

سے محفوظ نہیں رہا، بھارت میں عالیہ پر تشدد مظاہروں کو اگر مکافات عمل کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا۔ دنیا کے کسی متمدن ملک میں بھی کرونا وبا سے بچاؤ کیلئے دوا دستیاب

نوید سعید/میاں محمد سعید کھوکھر

نہیں جبکہ شیر خواروں سمیت کشمیریوں کو دودھ اور زندگی بچانے والی ادویات سے محروم کر دینا کہاں کی انسانیت ہے۔ انتہا پسند نریندر مودی نے کشمیر کی آئینی حیثیت پر بار بار حملے کیے تو دنیا کی مقتدر قوتوں کی طرف سے بھارتی بربریت کی مذمت اور ملامت تک نہ کی گئی۔ جنت نظیر کشمیر میں سات دہائیوں سے کریک ڈاؤن کر نیوالی بھارتی فوج نے تاریخ کا طویل ترین لاک ڈاؤن کر دیا مگر اس کے باوجود عالمی ضمیر سویا رہا۔ کرونا سے متاثرہ انسانوں کی اموات کے اعداد و شمار کی بازگشت میں مجھے کشمیری شہیدوں کی گنتی بار بار یاد آتی ہے۔ بھارت فوج کے درندے جموں وکشمیر میں روزانہ کی بنیاد پر کشمیری ماؤں کی گود اجاڑ رہے ہیں، معصوم کشمیریوں کو یتیم اور ان کی ماؤں کو بیوہ کر دیا جاتا ہے۔ حکومت ہند کے ہاتھوں شہدائے کشمیر کی تعداد ایک لاکھ کا ہندسہ عبور یا تھا ذکر کرتی ہے، اللہ تعالیٰ جانے جموں وکشمیر میں جاری کشت وخون کا سلسلہ کب اور کس طرح رکے گا۔ کرونا وبا سے ہونیوالی اموات کی تعداد کشمیری شہداء کی گنتی سے دوگنا ہو گئی ہے۔

کشمیر میں لاک ڈاؤن پر خاموشی اختیار کرنیوالی دنیا کو اب خود لاک ڈاؤن کا سامنا ہے، کرونا وبا کے سبب دنیا میں جاری تبدیلیاں فوری کی متقاضی ہیں، اگر انسان بہتری اور اصلاح احوال کی کاوش ارادہ کر لے تو یقیناً یہ تنہائیاں انسانیت کیلئے آسانیاں بن سکتی ہیں۔ چند ماہ پہلے تک جس عیش وعشرت نے انسانوں کو دوسروں کی محرومیوں سے مجرمانہ چشم پوشی کے سوا کچھ نہیں دیا اب تو وہ عیش وعشرت کے مراکز بھی بند پڑے ہیں، اب انسان اپنے پیاروں کو بھی نہیں چھو سکتا۔ دنیا کی مقتدر اور بڑی معاشی قوتوں کو ذرا تو اگر انہوں نے کشمیریوں پر ہونیوالے ظلم وتشدد کیخلاف آواز اٹھائی یا احتجاج کیا تو بھارت تباہ ہو جائے گا اور اس صورت میں ایک بڑی مارکیٹ ان کی دسترس سے نکل جائے گی اور معاشی طور پر ان کا نقصان ہو جائے گا۔ گویا انسان کو انسانیت سے زیادہ تجارت سے لگاؤ ہو گیا ہے۔ میں ان معاشی قوتوں سے پوچھتا ہوں کرونا کے بعد اب ان کی معیشت کس حال میں ہے، ان کی بھارت کے ساتھ تجارت نے انہیں کیا فائدہ پہنچایا۔ بھارت کے بادردی درندوں کا مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنیوالے نوجوان کشمیریوں کے جنازے دیکھ دیکھ کر ندامت اور شرمندگی کا احساس نہ کرنیوالے آج اپنے اپنے ملک میں ہر روز دس جنازے اٹھا اور انہیں اجتماعی قبور میں دفنا رہے ہیں لیکن آج جدید ترین ٹیکنالوجی کے باوجود ان کے بس میں کچھ نہیں ہے۔ دنیا بھر کی مقتدر قوتیں یا ہر کہیں جو دوسروں کیلئے آسانیاں پیدا کرتے ہیں ان کا راستہ اپنے آپ ہموار ہوتا جاتا ہے۔ اگر دنیا کو کرونا وبا کی بندگلی سے باہر نکلنا ہے تو انہیں کشمیریوں اور فلسطینیوں کی آزادی وآسودگی کیلئے کلیدی کردار ادا کرنا ہوگا۔ دنیا کو "وباؤں" سے پاک کرنے اور امن وآشتی کا گہوارہ بنانے کیلئے انسان کو اپنی "وفاؤں" اور اپنے وسائل کا رخ انسانیت کی طرف موڑنا ہوگا۔ محض تجارت کیلئے انسانیت کا دامن اور کسی بھی معاشرے کے معتوب انسانوں کو درندوں کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑا جاسکتا۔ کرونا کے بعد دنیا بدلے گی لہٰذا اس تبدیلی کے ساتھ مفاہمت اور مطابقت کیلئے طاقتور انسانوں پر لازم ہوگا کہ وہ کمزور انسانوں کو بھی اپنے ہی جیسا سمجھتے ہوئے اپنی ترجیحات اور ذہنیت تبدیل کریں کیونکہ اب ایسا کئے بغیر زندگی کا آگے کا سفر انتہائی دشوار ہوگا۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

لاک ڈاؤن کھولنے کا فیصلہ

وزیر اعظم عمران خان نے لاک ڈاؤن بتدریج ہفتے سے کھولنے کا اعلان کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ لاک ڈاؤن مرحلہ وار ہفتے سے کھلے گا۔ وزیر اعظم عمران خان نے کورونا کی صورتحال پر بریفنگ دیتے ہوئے کہا 26 فروری کو ملک میں کورونا کا پہلا کیس سامنے آیا، ساری دنیا کی طرح پاکست

شمال بقیہ 1

کے ذریعے نشانہ بنایا دھماکے کے نتیجے میں میجر ندیم عباس بھٹی، نائک جمشید، لانس نائک تیمور، لانس نائک مظہر حیات، سپاہی ساجد، سپاہی ندیم نے جام شہادت نوش کیا جبکہ ایک سیکورٹی اہلکار زخمی بھی ہوا دھماکے کے بعد سیکورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا، شہیدا اور زخمی سیکورٹی اہلکار کو ہسپتال منتقل کرنے کے بعد مذکورہ علاقے کو گھیرے میں لے کر تخریب کاروں کے خلاف سرچ آپریشن شروع کر دیا۔

شمال بقیہ 2

اداروں کی جانب سے مختلف شعبوں میں استعداد کار میں اضافے زراعت ماہی گیری اور لائیو سٹاک کے شعبوں میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ کے لئے معاونت کی فراہمی اور ورلڈ فوڈ پروگرام کی جانب سے صوبے کے اضلاع میں راشن کی فراہمی میں تعاون پر آمادگی ظاہر کی گئی ہے جب کہ بلوچستان ڈیولپمنٹ نیٹ ورک میں شامل 25 غیر سرکاری تنظیمیں عالمی امدادی اداروں کی معاونت کے ساتھ عملی طور پر سرگرم عمل ہیں اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ محکمہ سماجی بہبود کے تحت 1420 این جی اوز رجسٹرڈ ہیں جو چیریٹی ایکٹ کے تحت کام کر رہی ہیں تاہم ان میں زیادہ تعداد غیر فعال تنظیموں کی ہے ان تنظیموں کو کووڈ۔19 کے تناظر میں امدادی سرگرمیوں کے لئے این او سی جاری کر دی گئی ہے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا۔

شمال بقیہ 3

کی تعداد 1876 ہوگئی ہے جبکہ مزید 13 افراد کے صحت یاب ہونے کے بعد اب تک صحت یاب ہونے والے افراد کی تعداد 222 ہوگئی ہے صوبے میں سب سے زیادہ کیس کوئٹہ سے 1511 رپورٹ ہو چکے ہیں جبکہ 110 افراد کے ٹیسٹ نتائج آنے باقی ہیں، رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں اب تک کورونا وائرس سے 24 اموات ہو چکی ہیں۔

شمال بقیہ 4

روپے اعلان کردہ معاشی پیکج پر عملدرآمد کا بھی جائزہ لیا گیا۔ کورونا وائرس کی صورتحال کے دوران اقتصادی ریلیف فراہم کرنے پر وزارت خزانہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ مختلف شعبوں کو دی جانے والی سہولت کے عمل کی کڑی نگرانی کی ضرورت ہے، موجودہ اقتصادی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے "آؤٹ آف دی باکس" حل نکالنے ہوں گے، حکومت کی تمام کوششیں عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے ہونی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ چھوٹے کاروبار اور زراعت کے شعبے پر زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے، چھوٹے کاروبار اور زرعی شعبے کو نوکریاں پیدا کرنے کے قابل بنایا جائے، پی ایس ڈی پی میں منصوبوں کے آغاز سے زیادہ بروقت تکمیل پر توجہ دی جائے، ترقیاتی منصوبوں میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈل اپنانے کی ضرورت ہے۔

شمال بقیہ 5

ہے اور پوری دنیا کی معیشت کورونا کی عالمی وبا کی وجہ سے شدید متاثر ہوئی ہے اور معاشرتی سرگرمیاں معطل ہے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ چیف آف آرمی سٹاف کی جانب سے سویلین اداروں کے ساتھ کورونا وائرس کی روک تھام کیلئے پاک فوج کی معاونت اور تعاون کرنے کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج نے ملک قوم کو ہر مشکل گھڑی میں بھی تنہا نہیں چھوڑا بلکہ پاک فوج کے جوان قوم کے ہر مشکل گھڑی میں شانہ بشانہ کھڑی رہی ہے انہوں نے کہا کہ حکومت، فوج اور عوام سب متحد ہے اور بہت جلد کورونا کے مہلک وائرس کو شکست دے کر پاکستان کو کورونا کے مہلک وائرس سے پاک ہو جائے گا دریں اثناء پی اے پی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ سروقی حفاظتی بند کی تعمیراتی کام جلد شروع سروقی حفاظتی بند کی تعمیر پی ایچ ای ان کے مطابق ہوگا ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں ہوگا ترقیاتی منصوبوں کیلئے منظور ہونے والا فنڈ عوام کی امانت ہے جو کہ عوام کی دہلیز تک پہنچانا ذمہ داران کی اولین ترجیح ہے۔

شمال بقیہ 6

کے بعد ہم حتمی نتیجے پر پہنچے ہیں کہ آج سے صبح 3 بجے سے شام 5 بجے تک روزانہ کی بنیاد پر مارکیٹیں کھولی جائے گی یہ سلسلہ تک جاری رہے گا تاجروں کو پابند کیا گیا ہے کہ وہ کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر پر ہر ممکن عملدرآمد کو یقینی بنائیں گے میڈیکل اسٹورز، ریسٹورنٹس، ایک اوے، بیکرز اور بیکرز ڈریسر 24 گھنٹے کھلے رہنے کی اجازت ہوگی کسی بھی دکان میں 4 سے زائد افراد جمع نہیں ہونگے حکومت لاک ڈاؤن کے حوالے سے کھڑی نگرانی کرے گی جہاں بھی غفلت پائی گئی کارروائی کی جائیگی اور تاجروں کو اس حوالے سے آگاہ کر دیا گیا ہے انہوں نے کہا ہے کہ یہ فیصلہ ہم مشکل وقت میں کر رہے ہیں کورونا نہ صرف پاکستان بلکہ پوری دنیا کا مسئلہ ہے اور پاکستان میں اس وقت تیزی کے ساتھ پھیل رہا ہے ہم نے تاجر تنظیموں کے ساتھ مذاکرات میں یہ فیصلہ کیا ہے کہ عید تک اسمارٹ لاک ڈاؤن کریں جس میں حکومت کی جانب سے چند شرائط بھی رکھی گئی ہیں جو تاجر تنظیموں نے قبول کرتے ہوئے اس پر عملدرآمد کی یقین دہانی کرائی ہے اگر خدانخواستہ کورونا وائرس کیسز میں اضافہ ہوا تو دوبارہ حکومتی مذاکراتی کمیٹی اور تاجر تنظیمیں بیٹھ کر آئندہ کا لائحہ عمل طے کریگی۔

شمال بقیہ 7

ترجمان صوبائی حکومت کا کہنا تھا کہ ہم بحیثیت ایک متحد قوم مل کر کورونا وائرس پر جلد قابو پالیں گے۔

شمال بقیہ 8

نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 5532 ٹیسٹ کئے ہیں اور یہ ایک دن میں سب سے زیادہ ٹیسٹ کی تعداد ہے ان ٹیسٹوں کے نتیجے میں 598 لوگ متاثر آئے ہیں جبکہ آج 87 مزید افراد صحتیاب ہو کر اپنے گھروں کو چلے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا عوام سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ اگر کوئی ضروری کام ہو تو ہی گھروں سے باہر نکلیں۔ انہوں نے کہا کہ 26 فروری کو پہلا کورونا کا کیس ہوا تھا، لوگ کہتے ہیں کہ چیک میں فیصلہ کیا جبکہ ایسا مشکل نہیں ہے۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ 14 مارچ کو عوامی مقامات کو بند کیا، ایک سے تین یوم کے اندر دیگر صوبوں نے بھی ایسا ہی کیا۔ میڈیا نے بہت مثبت کردار ادا کیا ہے، سیاسی تنظیموں سے مشاورت کے ساتھ لاک ڈاؤن کو سخت کرتے گئے تمام اسٹیک ہولڈرز سمیت ڈاکٹرز سے باتیں بھی کیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم سے پہلے اجلاس میں لاک ڈاؤن کا کہا تھا 14 اپریل کو دو ہفتوں کیلئے وفاقی حکومت نے لاک ڈاؤن بڑھانے کا اعلان کیا، وفاقی حکومت نے جو فیصلے کیے سندھ حکومت نے ان پر عمل کیا ہے۔

شمال بقیہ 9

متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ جبکہ بلوچستان یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر سرور حیدر نور اور ڈاکٹر ثناء اللہ پانیزئی جبکہ جینٹیکز کے پروفیسر ڈاکٹر عبدالسلام لودھی نے کورونا وائرس کے پھیلاؤ کے حوالے سے اپنی تحقیقی رپورٹ پیش کی چیف سیکرٹری نے کہا کہ

یہ امر توجہ طلب ہے کہ لاک ڈاؤن میں نرمی یا سمارٹ لاک ڈاؤن کی صورت میں تاجر، دکاندار اور عوام کو ایس او پیز پر سختی سے عمل درآمد کرنا ہوگا انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ماسک کے پہننے پر سختی کی جائے اس کا اطلاق سو فیصد ہونا چاہیے جبکہ عوام کی نقل و عمل کے حوالے سے انٹرا سٹرکٹ دیگر شہروں تک جانے پر سختی سے پابندی کرائی جائے کیونکہ جو علاقے اس وائرس کے پھیلاؤ کی زد میں نہیں آئے وہ محفوظ رہ سکیں انہوں نے اس امر پر زور دیا۔

شمال بقیہ 10

سے اب تک کورونا کے مزید 1908 کیسز اور 31 ہلاکتیں سامنے آئی ہیں جن میں سندھ سے 598 کیسز 5 ہلاکتیں، پنجاب 838 کیسز 12 ہلاکتیں، خیبر پختونخوا میں 371 کیسز اور 12 ہلاکتیں، بلوچستان 62 کیسز 2 ہلاکتیں، اسلام آباد 37 کیسز اور آزاد کشمیر سے 2 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ سندھ سے کورونا کے مزید 598 کیسز اور 5 ہلاکتیں رپورٹ ہوئی ہیں جس کی تصدیق وزیراعلیٰ سندھ نے کی۔ مراد علی شاہ نے بتایا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 5532 ٹیسٹ کیے گئے جو پورے ملک کے کسی بھی صوبے میں سب سے زیادہ ٹیسٹ ہیں، ہماری ٹیسٹنگ صلاحیت 5600 ہوگئی ہے جس پر ہم نے 98 فیصد تک کام کیا ہے، اس طرح کل ٹیسٹوں کی تعداد 81640 ہوگئی ہے۔ وزیراعلیٰ کے مطابق صوبے میں کورونا کے کیسز کی مجموعی تعداد 9691 اور ہلاکتیں 176 ہوگئی ہیں۔

شمال بقیہ 11

پر عملدرآمد میں تاخیر زراعت کے ساتھ ساتھ معیشت کے لئے بھی خطرناک ہوگا۔ اپنے بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ طے شدہ ایکشن پلان کے تحت کم سے کم 12 طیاروں کے ذریعے بلوچستان کے ان علاقوں میں اسپرے کیا جانا تھا، جو ٹڈیوں کے آنے کا راستہ ہیں لیکن وفاقی حکومت اس سلسلے میں بلوچستان میں اتنے طیارے استعمال نہیں کر رہی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ صرف ایک طیارے اور تین ہیلی کاپٹرز استعمال کیے جا رہے ہیں، جو بڑی تعداد میں موجود ٹڈیوں کو کنٹرول نہیں کر سکتے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ ٹڈیوں کے دل سندھ کے اضلاع کشمور، لاڑکانہ، عمرکوٹ اور تھرپارکر میں بھی داخل ہو گئے ہیں، اس وقت مذکورہ ٹڈی دل سندھ، پنجاب اور یہاں تک کہ خیبر پختونخوا کے علاقوں تک جانے سے قبل بھارت کے صحرا میں چلے گئے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ بھارت کا صحرائی علاقے میں ٹڈیوں کی بریڈنگ کے لئے ماحول زرخیز ہے، وفاقی حکومت کے پلانٹ پروٹیکشن ڈیپارٹمنٹ کی کلیدی ذمہ داری ہے کہ وہ فضائی سپرے کروائے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ حکومت سندھ نے پلانٹ پروٹیکشن ڈیپارٹمنٹ کو کیڑے مار ادویات اور گاڑیاں مہیا کر دیں ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ ٹڈی دلوں نے جیسے ہی پاکستان بھر میں فصلوں پر حملہ کیا ہے تو فوڈ سیکیورٹی کی وفاقی وزارت ایک بار پھر لاپتہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ گذشتہ برس ہماری گذارشات کے باوجود صوبوں کو ٹڈیوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا، اگر وفاقی حکومت اس بار بھی پر عملی اقدام اٹھانے میں ناکام رہی ہے تو یہ ایک اور بربادی لائے گی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ وفاقی حکومت خواب خرگوش سے جاگے اور بتائے ٹڈی دلوں کے حملے روکنے کے لیے حقیقی پلان پر عمل کرے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ اگر ان حالات میں قحط زدہ اس کی ذمہ دار وفاقی حکومت ہوگی۔

شمال بقیہ 12

اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کروادی ہے، ریکوزیشن میں اسمبلی اجلاس طلب کرکے کورونا وائرس کے تباہ کن اثرات، ٹڈی دل کی روک تھام کے حوالے سے اقدامات اور نقصانات کا ازالہ کرنے، بلوچستان میں معاشی، معاشرتی سماجی اقدار کی تنزلی اور میرٹ کی پامالی کے موضوعات کو زیر بحث لانے کی درخواست کی گئی ہے۔

شمال بقیہ 13

ورکرز یعنی روزانہ اجرت پر کام کرنے والے مزدور یا فیلڈ ورکرز، انیگریٹڈ ورکرز کنسٹرکشن ورکرز، فشری ورکرز و دیگر پر محکمہ لیبر کے قوانین لاگو نہیں ہوتے اور محکمہ محنت و افرادی قوت ایسے ورکر کے معاملات کو یکجا نہیں کرتا۔ تو ان کی مالی مدد کرنے کیلئے صوبائی حکومت نے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایات جاری کر دیں۔ کہ ان تمام ان فارمل ورکرز کی ڈیٹا اکٹھے کی جائے تاکہ مستقبل میں ان کی مدد کی جا سکیں۔ صوبائی مشیر محنت و افرادی قوت نے کہا ہے کہ محکمہ محنت و افرادی قوت نے محدود وسائل اور ٹرانسپورٹ کی سہولیات کے بغیر اب تک صوبے کے 25 اضلاع کے انفارمل ورکرز اور ڈیلی ویجز کا ڈیٹا اکٹھا کیا ہے۔ جنکی تعداد 140000 ہے۔ اور اب ان معلومات کو ترتیب دی جا رہی ہے اور صوبے کے باقی 8 اضلاع جن میں آواران، چاغی، واشک، دکی، کوہلو، شیرانی، بارکھان اور سبی پور شامل ہیں۔

شمال بقیہ 14

مطابق کوئٹہ میں مزید 11 صحافی کورونا وائرس کے شکار ہو گئے تعداد 27 ہوگئی متاثرہ صحافیوں میں سلمان اشرف، ارشاد بزدار، عطر حسین، ارسلان علی، ارسلان امجد، کاشف ظفر، محمد ایوب، یاسر خان جدون، اعجاز احمد جمالی، وسیم ناصر، عرفان سعید، اقصیٰ میر، نرم شہزاد، عامر حسین، عمران درجان، عارف محمود، شعیب رئیسانی، فیصل شاہوانی، حسن علی، عصمت کاکڑ، سیف اللہ، امین اللہ مشوانی، نرم وقاص، محمد یاسین، غلام جیلانی، محمد نواز کو اپنے گھر میں آئسولیٹ کر دیا۔

شمال بقیہ 15

کہ ہمارا مقصد صرف اور صرف عوام کی فلاح بہبود کے لئے کام کرنا ہے لیکن صوبائی حکومت کی جانب سے فنڈز کی عدم فراہمی کے باعث ترقیاتی کاموں میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے حکومت تمام ارکان صوبائی اسمبلی کو برابری کی بنیاد پر فنڈز فراہم کرے تاکہ وہ ترقیاتی کام کروا سکیں۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو ونڈر کے علاقے سولیانی میں مجوزہ نقل مندر، قدیمی مندر شوالو کے دورے کے موقع پر صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر ڈاکٹر ارجن داس بھی آگے ہمراہ تھے رکن صوبائی اسمبلی نے ہندو کمیونٹی ہال میں ہندو برادری کے معززین اور شہریوں سے ملاقات کی اور انکے مسائل سنے۔ اس موقع پر بھی شام نقل لاسی نے علاقے میں جاری بونڈری وال، نف ہال اور دیگر ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا انجینئر اصغر نے رکن صوبائی اسمبلی کو ترقیاتی کاموں کے بارے میں بریفنگ دی۔ رکن صوبائی اسمبلی بھی شام نقل لاسی نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کی سیاست کا مقصد صرف اور صرف عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کرنا ہے ہماری کوشش ہے کہ عوام کے تمام مسائل حل ہوں لیکن صوبائی حکومت کی جانب سے ترقیاتی اسکیموں کیلئے فنڈز نہ ملنے کے باعث ہمیں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ

سال کے بجٹ میں حکومت کی جانب سے اپوزیشن اور انتخبی رہنماؤں کو ترقیاتی فنڈز میں نظر انداز کیا گیا صوبائی حکومت کو چاہئے کہ وہ تمام ارکان اور انتخبی ممبران کو برابری کی بنیاد پر فنڈز کی فراہمی یقینی بنائے تاکہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں ترقیاتی کام کروا سکیں۔

شمال بقیہ 16

قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ سے محمد عالم نامی شخص جاں بحق جبکہ نذیر احمد نامی زخمی ہو گیا پولیس نے لاش اور زخمی ہونے والے افراد کو ہسپتال منتقل کیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی جاری ہے۔

شمال بقیہ 17

کیسز میں اضافے پر انتہائی تشویش ہے لیکن صوبے میں کرفیو کے نفاذ کے حوالے سے فی الوقت کوئی تجویز زیر غور نہیں ہے انہوں نے کہا کہ لاک ڈاؤن میں نرمی تاجروں اور عوام کے تعاون سے مشروط ہے انہوں نے کہا کہ طے کردہ ضابطہ کار پر عملدرآمد کی صورت میں ایک دو روز میں لاک ڈاؤن میں نرمی کا فیصلہ کریں گے، وفاقی حکومت کے کورونا کی روک تھام سے متعلق قومی پیمانے کے ساتھ ہیں۔

شمال بقیہ 18

خیز قرار دیتے ہوئے کہا کہ نیب کو نواز اور شہباز شریف کے کیسز اور کیسز نظر آتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق لال سہانرا متاثرین میں اراضی تقسیم پر شہباز شریف کو نیب ملتان کی جانب سے دیے جانے والے نوٹس پر ردعمل دیتے ہوئے ترجمان مسلم لیگ ن مریم اورنگزیب نے کہا کہ 1976 کا کیس بنانے پر نیب کو شرم اور حیا آنی چاہیے شہباز شریف کے خلاف مقدمے جھوٹ اور سیاسی انتقام تھا منی لانڈرنگ الزامات کے بعد نیب کا ایک اور مذاق سامنے آگیا نیب کو نواز شریف اور شہباز شریف کے کیسز اور کیسز نظر آتے رہتے ہیں حکومت میں بیٹھے چور اور ڈاکو کے کیس جنہوں نے ملک کو تباہ کر دیا۔

شمال بقیہ 19

کو پروموٹ نہ کرنے پر غور کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی وزارت تعلیم نے بورڈز سے میٹرک اور انٹرمیڈیٹ سٹوڈنٹس کا ڈیٹا حاصل کر لیا ہے۔ ملک بھر کے 29 تعلیمی بورڈز اور تین ٹیکنیکل بورڈز میں تقریباً 40 لاکھ غالب طلبوں نے داخلے بھجوائے۔ کیمبرج نے بھی پرائیویٹ طلباء کو پروموٹ نہ کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ مجموعی طور پر 30-35 فیصد پرائیویٹ امیدوار سپلی، اکٹھے امتحانات اور بہتر نمبروں کے لیے امتحانات دینے والے سٹوڈنٹس شامل ہیں۔ ہر بورڈ کا گزشتہ تین سالوں کے نتائج کا جائزہ لیا جائے گا نمبروں کے تناسب کے حساب سے امیدواروں کو پروموٹ کیا جائے گا، ذرائع کے مطابق دسویں اور بارہویں کے امیدواروں کو 4 سے 6 فیصد اضافی مارکس دینے پر بھی غور ہو رہا ہے۔ وزارت تعلیم نے 11 مئی کو اہم اجلاس طلب کر لیا گیا ہے۔ ملک بھر کے تعلیمی بورڈز کے چیئرمینوں کو ویڈیو لنک پر اجلاس میں شرکت کی ہدایت کی گئی ہے۔ اجلاس میں نویں اور گیارہویں کے طلباء کے امتحانات لینے بارے میں بھی غور کیا جائے گا۔

شمال بقیہ 20

100 افراد کو پارس کورنٹائن سینٹر اور 40 کوشہر کے 3 مختلف ہوٹلز میں کورنٹائن کر دیا گیا جن کی سکریننگ کے بعد آج ہفتہ کے روز ان کے ٹیسٹ لئے جائیں گے جبکہ گزشتہ روز دوبئی سے آنے والے 147 مسافروں میں سے 20 اور مسقط کی 136 مسافروں میں سے 1 شہری میں کورونا وائرس کی تصدیق ہوئی ہے نیز بائیو سیفٹی لیب تھری الائیڈ ہسپتال فیصل آباد میں آج سے 100 کی بجائے 250 ٹیسٹوں کیلئے ضروری عملہ بھی تعینات کر دیا گیا ہے۔ ضلعی انتظامیہ فیصل آباد کے ترجمان نے بتایا کہ ڈپٹی کمشنر محمد علی اوری پی او کیپٹن سہیل چوہدری نے فیصل آباد ایئرپورٹ پر دبئی سے پہنچنے والی فلائٹس کے مسافروں کو ایئرپورٹ سے قرنطینہ سنٹرز منتقل کرانے کے انتظامات کی نگرانی کی جبکہ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر یونیسیاں آفتاب احمد، اسسٹنٹ کمشنرز عمر مقبول، فیصل سلطان اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ قرنطینہ سنٹرز پر مسافروں کے قیام سمیت ان کیلئے دیگر بنیادی ضروریات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے جبکہ روزہ داروں کے لئے سحر و افطار کا انتظام ہونا چاہیے۔ انہوں نے قرنطینہ سنٹرز کی معیاری صفائی ستھرائی پر بھی زور دیا۔ انہوں نے بتایا کہ بیرون ملک سے واپس آئے مزید 21 مسافروں میں کورونا وائرس کی تصدیق ہوئی ہے جن کی رپورٹس محکمہ صحت کو موصول ہوئی ہیں۔

شمال بقیہ 21

سلیم مانڈوی والا نے مطالبہ کیا ہے کہ اجلاس سے پہلے اراکین اور عملے کا کورونا ٹیسٹ کروایا جائے۔ ٹیسٹ کے بغیر اجلاس میں شرکت کی اجازت دینا تباہ کن ہوگا۔ اس معاملے پر مشیر پارلیمانی امور بابر اعوان اور چیئرمین سینیٹ کی بھی ملاقات ہوئی جس میں سینیٹ سیشن اور تقاریر کا دورانیہ کم رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ مشیر پارلیمانی امور بابر اعوان کے مطابق قومی اسمبلی کی طرح سینیٹ اجلاس کے لئے بھی ایس او پیز پر عملدرآمد کیا جائیگا۔ با مقصد قانون سازی کیلئے پارلیمنٹ کو چلانا بہت ضروری ہے۔ حفاظتی اقدامات کو یقینی بنانے کیلئے متعلقہ اداروں سے رابطے میں ہیں۔ دوسری جانب ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سلیم مانڈوی والا نے سپیکر قومی اسمبلی، چیئرمین سینیٹ اور حکومت کو مشورہ دیا ہے کہ ارکان اور عملے کا کورونا ٹیسٹ کیے بغیر اجلاس نہ بلایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹ کی عمارت میں کوئی وینٹیلیشن نہیں، بغیر کسی ٹیسٹ کے اجلاس میں شرکت کی اجازت دینا ایک تباہی ہوگی۔ امید ہے کہ زیادہ سمجھداری سے کام لیا جائے گا۔

شمال بقیہ 22

فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا کہ افغان مفاہمتی عمل کے لیے پاکستان کا بھرپور تعاون جذبہ خیر سگالی کے تحت ہے۔ ذیلے ٹیلی زاد نے علاقے میں امن و استحکام کے لیے پاکستان کے تعاون کی تعریف کی۔

شمال بقیہ 23

گا جس کی ویڈنگ کیلئے تمام تر تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق گوادر پورٹ اتھارٹی حکام کے مطابق گوادر بندرگاہ پر شپنگ ایکٹیویٹی رواں ماہ سے شروع ہونے جا رہی ہے۔ پاکستان اور چین کی مدد سے جلد گوادر بندرگاہ پر جہازوں کی آمد و رفت میں تیزی آئے گی جو کہ جلد بزنس حب بننے جا رہا ہے۔ رپورٹ حکام کا کہنا ہے کہ ایم وی سی بلک ٹریڈنگ کا جہاز 15 مئی کو 16 ہزار میٹرک ٹن فرٹیلائزر لے کر گوادر پہنچے گا۔ گوادر پورٹ پر کرونا وائرس سے بچاؤ کیلئے تمام اقدامات مکمل کر لیے گئے ہیں جبکہ گوادر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے گوادر پورٹ اتھارٹی کے اقدامات کو سراہا ہے۔

شمال بقیہ 24

قطرے پلانے سے انکار کر دیا تھا۔ دیگر متاثرین میں ساڑھے 4 سالہ اور 13 ماہ کی بچیاں شامل ہیں جن کا تعلق بالترتیب نصیر آباد اور جعفر کمی کے اضلاع سے ہے۔ خیال رہے کہ رواں برس بلوچستان میں پولیو کے کیسز میں تیزی سے اضافہ دیکھنے میں آیا ہے اور اب تک 10 کیسز سامنے آچکے ہیں۔ این آئی ایچ کے عہدیدار نے کہا کہ

سندھ میں ضلع قمبر کی رہائشی 36 ماہ کی بچی میں وائرس کی تصدیق ہوئی ہے، انہوں نے کہا کہ تمام چاروں بچیوں کا تعلق غریب گھرانوں سے ہے۔

شمال بقیہ 25

کی تعداد ایک ہندسے میں رہی جبکہ مئی میں یہ تعداد 2 ہندسوں میں داخل ہوئی اور نیچے نہیں آئی۔ گزشتہ 10 دنوں میں ہونیوالی اموات کی تعداد 28 اپریل سے 7 مئی تک 297 ہو چکی ہے جو گزشتہ دس دنوں سے 100 فیصد زیادہ ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پاکستان میں 1764 نئے کیسز سامنے آگئے جبکہ 35 افراد مہلک وائرس سے جاں بحق ہو گئے۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں کل کیسز کی تعداد 25 ہزار 837 ہوگئی ہے۔ جبکہ صحت یاب ہونے والے افراد کی تعداد میں بھی تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے، اب تک 7 ہزار 530 افراد کورونا وائرس کو شکست دے چکے ہیں۔ سندھ میں کورونا کے اب تک 9 ہزار 93، پنجاب میں 10 ہزار 33، خیبر پختونخوا میں 3 ہزار 956 افراد وائرس کا شکار ہو چکے۔ بلوچستان میں 1725، اسلام آباد میں 558، آزاد کشمیر 78، گلگت بلتستان میں 394 افراد متاثر ہو چکے ہیں۔ سب سے زیادہ اموات خیبر پختونخوا میں 209 ہوئیں۔ پنجاب میں 183، سندھ میں 171 بلوچستان میں 24، اسلام آباد میں 4 جبکہ گلگت میں 3 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں۔ زیر علاج مریضوں میں سے 163 کی حالت تشویش ناک بتائی جاتی ہے۔ دوسری جانب ملک بھر میں 9 مئی کے بعد سے نرمی کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

شمال بقیہ 26

ہونگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایس ڈی جی ٹاسک فورس کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ڈاکٹر رابیہ بلیدی نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کی اس غیر معمولی صورتحال میں حکومتی اور اپوزیشن کے امتیاز کے بغیر مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنے کی ضرورت ہے کورونا وائرس کی اس صورتحال میں بہت سے کمی بیشی اور لوپ ہول سامنے آئے ہیں کورونا وائرس متعلق اپوزیشن کے ریکوزیشن مسترد کرنے کی شکوہ اپنی جگہ پر ہے تاہم آن لائن اور ویڈیو کانفرنس سمیت جدید اصلاحاتی نظام کے تحت کسی بھی پیشرفت سے اسمبلی رواز خاموش ہیں ایسی تمام صورتحال کا ادراک ضروری ہے تاکہ مستقبل میں ایسی کسی بھی غیر معمولی صورتحال میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑے بلوچستان اسمبلی سیکرٹریٹ کو حفاظتی تدابیر اختیار کرتے ہوئے رہنمائی کا فریضہ سرانجام دینا ہوگا انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس کی موجودہ صورتحال میں چاروں صوبوں کے وزراء اعلیٰ نے صحت اور ماہرین طب کا ایک علیحدہ فورم تشکیل دیا گیا ہے جو ملک میں کورونا وائرس کی صورتحال کے تناظر میں فیصلے کر چکا انہوں نے کہا کہ کوئی بھی حکمت عملی اور اقدام عوام کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں اس لئے عوام اور تمام اسٹیک ہولڈرز کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

شمال بقیہ 27

ورزی پر سخت احتجاج ریکارڈ کرایا۔ ترجمان کے مطابق 7 مئی کو ایل او سی کے نیزہ پیر اور رکھ چکری سیکٹر پر بھارتی افواج کی فائرنگ سے 6 شہری زخمی ہوئے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ایل او سی پر بھارتی فوج کی بلا اشتعال فائرنگ سے 14 سالہ فائزہ، 10 سالہ میرت، 44 سالہ عبدالمجید اور 22 سالہ محمد یاسر شدید زخمی ہوئے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق رواں برس بھارت اب تک جنگ بندی کی 989 مرتبہ خلاف ورزیاں کر چکا ہے، بھارتی فورسز ایل او سی اور ورکنگ باؤنڈری پر مسلسل معصوم شہریوں کو نشانہ بنا رہی ہیں، بھارت کی اشتعال انگیزی خطے میں امن و سلامتی کے لیے خطرہ ہے، بھارت کی اشتعال انگیزی خطے میں امن و سلامتی کیلئے خطرہ ہے۔ ترجمان نے کہا کہ بھارت اقوام متحدہ سیکورٹی کونسل کی قراردادوں پر عمل درآمد یقینی بنائے، شہری آباد کو نشانہ بنانا 2003 کی جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی ہے۔ ترجمان نے کہا کہ نتیجے شہریوں کو بے گناہ نشانہ بنانا بین الاقوامی قوانین کے بھی منافی ہے، اقوام متحدہ کے مبصر گروپ کو ایل او سی کی معائنے کی اجازت دی جائے۔

شمال بقیہ 28

مسئلہ ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق صوبوں سے قرنطینہ سہولیات کے لیے مشاورت جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک سے آنے والے تمام پاکستانیوں کو 3 دن قرنطینہ میں گزارنا ضروری ہے، ان افراد کے کورونا ٹیسٹ کے منفی آنے کی صورت میں ہی انہیں گھر جانے کی اجازت دی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ عرب امارات سے 60 ہزار سے زائد پاکستانی واپس آنا چاہتے ہیں جبکہ سعودی عرب سے 15 ہزار سے زائد پاکستانی واپسی کے منتظر ہیں۔ ترجمان کے مطابق ایران اور چین کے شہریوں کے لیے جلد پروازیں شروع کر دی جائیں گی۔ اپنی گفتگو کے دوران لائن آف کنٹرول (ایل او سی) پر بھارتی اشتعال انگیزی اور مقبوضہ کشمیر میں بھارت ظلم و ستم پر بھی انہوں نے بات کی۔ عائشہ فاروقی کا کہنا تھا کہ لائن آف کنٹرول پر بھارتی اشتعال انگیزی بڑھ چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں ماورائے عدالت قتل ہو رہے ہیں اور وہاں کشیدگی بہت زیادہ بڑھ چکی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق مقبوضہ کشمیر کی صورتحال پاکستان کے لیے باعث تشویش ہے۔

شمال بقیہ 29

درپیش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس نے اقتصادی اور سماجی سطح پر نظام زندگی کو بری طرح متاثر کیا ہے اور معیشتیں مشکلات کا شکار ہیں۔ اجلاس کے حوالے سے چیئرمین سینیٹ نے بتایا کہ سینیٹ ہال کے اندر سماجی فاصلے کے ایس او پیز کے تحت انتظامات کیے گئے ہیں اور اس مقصد کیلئے گیلریز کا بھی استعمال کیا جائے گا جس میں اراکین سینیٹ کیلئے نشستیں مختص کی جائیں گی تاکہ سماجی فاصلے کے ایس او پیز کے تحت وہ ایوان کی کارروائی میں حصہ لے سکیں۔ سینیٹ اجلاس کے روزانہ کے دورانیے کے بارے میں چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ چونکہ ایک غیر معمولی صورتحال کا سامنا ہے لہذا یہ کوشش ہوگی کہ سیشن دو گھنٹے سے زیادہ نہ ہو جبکہ سینیٹ کا اجلاس ایک ہفتے پر محیط ہو گا۔ سینیٹ قائد حزب اختلاف سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق نے سینیٹ اجلاس کے دوران سماجی فاصلے کو یقینی بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔

شمال بقیہ 30

ادارے کے مطابق اقوام متحدہ میں انسانی ہمدردی اور ہنگامی امداد سے متعلق امور کے نائب سیکرٹری جن

ڈاکٹر محمد سلیم ابڑو کا صوبے میں کرفیو نافذ اور داخلی خارجی راستوں کو بند کرنے کی تجویز

حتمی فیصلہ حکومت نے کرنا ہے میرا کام تھا تجویز دینا عملدرآمد حکومت اور انتظامیہ کا کام ہے

اب تک بلوچستان میں 73 ڈاکٹرز، 35 پیرامیڈیکس، 4 نرسز میں کورونا کی تشخیص ہوئی ہے، ڈاکٹر محمد سلیم ابڑو

کوئٹہ (آن لائن) ڈائریکٹر جنرل صحت ڈاکٹر محمد سلیم ابڑو نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کو صوبے میں کرفیو نافذ کرنے اور عید سے قبل کوئٹہ کے داخلی و خارجی راستوں کو بند کرنے کی تجویز دی ہے تاکہ وائرس کے پھیلاؤ کو روکا جاسکے اب تک بلوچستان میں 73 ڈاکٹرز، 35 پیرامیڈیکس، 4 نرسز میں کورونا کی تشخیص ہوئی ہے جن میں 10 ڈاکٹرز صحتیاب ہوچکے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے ڈاکٹر محمد سلیم ابڑو نے کہا ہے کہ اگر صوبے میں لاک ڈاؤن پر صحیح طرح عملدرآمد نہیں ہوا اور لوگوں نے احتیاطی تدابیر اختیار نہیں کیے تو جولائی تک بلوچستان میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد 3 لاکھ تک پہنچ جائے گی اگر بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: پیپلز پارٹی کے سینیٹر رضا ربانی، میر اکرم مینگل، پیپلز یوتھ ونگ کے صوبائی صدر ثناء اللہ بلوچ کے اہلخانہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

ضلع کچی بولان کے سیکڑوں ایکڑ پر کھڑی فصلوں پر ٹڈی دل کے حملے جاری ہے

مچھ (آن لائن) ضلع کچی بولان کے سیکڑوں ایکڑ پر کھڑی فصلوں پر ٹڈی دل کے حملے جاری ہے جس کے باعث کھڑی فصلوں کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے ضلع کچی بولان کے زرعی علاقے مچھ ڈھاڈر بھاگ سنی بالا ناڑی سمیت ضلع کے مختلف زرعی علاقوں میں ٹڈی دل فصلوں پر اسوقت حملہ آور ہے ٹڈی دل کے حملے کے باعث زمینداروں کو اپنے بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

حکومت فلور ملز کی مطالبات تسلیم نہیں کی گئی تو غیر معینہ مدت کیلئے ہڑتال کریں گے، سید صالح آغا

بین الصوبائی پابندی ختم ہمیں گندم خریدنے کی اجازت اور ملک کی دیگر صوبوں کی طرح پالیسی نہیں دی گئی

مرکزی منیجر کے ساتھ رابطہ کرکے بلوچستان کے تمام فلور ملز کو غیر معینہ مدت کیلئے بند کریں گے، سید ظہور آغا، دیگر کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن کے صدر سید صالح آغا اور سینٹرل کمیٹی کے ممبر سید ظہور آغا نے کہا ہے کہ صوبے میں آٹے اور گندم کی بحران پیدا کرنے کیلئے حکومت نے دفعہ 144 لگا کر بین الصوبائی سطح پر پابندی عائد کردی حکومت اس سلسلے میں اپنی پالیسی پر نظر ثانی کریں اور صوبے کے مطابق گندم کے خریداری کی اجازت اور ہمیں ایک جامع اور واضح پالیسی دی جائے ورنہ مشکل کے دوران مرکزی منیجر سے رابطہ کرکے بطور احتجاج فلور ملز کو بند کریں گے یہ بات انہوں نے کوئٹہ پریس بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

عوام لاک ڈاؤن میں نرمی کے دوران سخت احتیاطی تدابیر اپنائے، شبلی فراز

ہمیں کورونا وائرس کے ساتھ ساتھ بھوک و افلاس کے خطرے کا بھی سامنا ہے، لاک ڈاؤن میں نرمی توازن پیدا کرنے کیلئے ضروری تھی

عوام لاک ڈاؤن میں نرمی کے دوران سخت احتیاطی تدابیر اپنائے اور سماجی فاصلہ برقرار رکھیں، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ لاک ڈاؤن میں نرمی کے وزیراعظم عمران خان کے اعلان کا مقصد دیہاڑی دار محنت کش طبقے کو ریلیف فراہم کرنا ہے ہمیں کورونا وائرس کے ساتھ ساتھ بھوک و افلاس کے خطرے کا بھی سامنا ہے، لاک ڈاؤن میں نرمی توازن پیدا کرنے کیلئے ضروری تھی، عوام لاک ڈاؤن میں نرمی کے دوران سخت احتیاطی تدابیر اپنائے اور سماجی فاصلہ برقرار رکھیں، ویڈیو بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن بلوچستان کے چیئرمین سید صالح آغا، سید ظہور آغا پریس کانفرنس کررہے ہیں

سوئی ٹاؤن اور ڈیرہ بگٹی ٹاؤن میں ملیریا بخار وبائی شکل اختیار کرگیا

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) تحصیل سوئی اور ڈیرہ بگٹی ٹاؤن میں ملیریا بخار بڑی زوروں پر ہے پرائیوٹ کلینکس میں روزانہ ملیریا سے متاثر مریض لائے جارہے ہیں گزشتہ سال کے بعد ڈیرہ بگٹی ٹاؤن میں اور سوئی ٹاؤن ابھی تک بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

سب ڈویژن منچھر میں بے روزگاری کا خاتمے کیا جائے

منچھر (نامہ نگار) سب ڈویژن منچھر میں بے روزگاری کا خاتمے کیا جائے ہزاروں کی تعداد میں نوجوان ڈگریاں حاصل کرکے دردر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں دوسری طرف ری سی کسر مہنگائی اور ٹیکس نے پوری کردی ایک سروے بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

صوبے کی اقتصادی ومعاشی بہتری اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے اقدامات اظہار ہے ہیں، تیمور جھگڑا

پشاور (این این آئی) تیمور جھگڑا کے وزیر صحت وخزانہ تیمور سلیم خان جھگڑا نے کہا کہ صوبائی حکومت صوبے کی اقتصادی ومعاشی حالت میں مزید بہتری کے لیے اقدامات اظہار ہے۔ صوبے شمول ضم شدہ قبائلی اضلاع میں روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے پر کام تیز کیا جارہا ہے۔ صوبائی وزیر نے ان خیالات کا اظہار یو این ڈی پی کے وفد سے پشاور میں ملاقات کے دوران کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل چیف سیکرٹری شکیل قادر بھی موجود تھے۔ یو این ڈی پی کے ریزیڈنٹ کوآرڈینیٹر جولین ہریز بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

پرائیویٹ اسکولز کے اساتذہ بھی ہمارا اہم اثاثہ ہیں، نعیم بلوچ

نجی اسکولوں کے مالکان بھی بری طرح مالی بحران میں ہیں اور پریشانی میں مبتلا ہیں

اوستہ محمد (نامہ نگار) بی این پی کے مرکزی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن نعیم بلوچ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ کورونا وائرس کے پیش نظر پرائیویٹ اسکولوں کی بندش کی وجہ سے اوستہ محمد کے پرائیویٹ اسکولوں کے اساتذہ، اسٹاف اور مالکان بھی مالی بحران کا شکار ہیں اوستہ محمد کے یہ سفید پوش افراد بھی اس لپیٹ میں ہیں اسکول بند ہونے کی وجہ سے بری طرح متاثر ہیں اور مالی مشکلات میں ہیں لیکن ضلعی انتظامیہ جعفر آباد اور تحصیل انتظامیہ کی جانب سے ابھی کوئی داد رسی نہیں کی گئی پرائیویٹ اسکولز کے اساتذہ بھی ہمارا اہم اثاثہ ہیں اور تعلیم کے فروغ کے لیے اپنی ذمہ داریاں سرانجام دیتے آرہے ہیں ہمارا بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

نصیر آباد ضلعی انتظامیہ کی جانب سے شہداء پولیس کے ورثاء میں راشن تقسیم کیا گیا

حکومت کی جانب سے فراہم کی جانے والی امداد ان شہداء کے ورثاء میں بھی تقسیم کی جارہی ہے

نصیر آباد (این این آئی) نصیر آباد ضلعی انتظامیہ کی جانب سے شہداء پولیس کے ورثاء میں راشن تقسیم کیا گیا راشن تقسیم کرنے کی تقریب پولیس ہیڈ کوارٹر ڈیرہ مراد جمالی میں منعقد کی گئی تقریب کے مہمان خصوصی کمشنر نصیر آباد ڈویژن عابد سلیم قریشی تھے جبکہ دیگر مہمانوں میں ڈی آئی جی شہاب عظیم لہڑی ایڈیشنل کمشنر اعجاز احمد اپنی کمشنر نصیر آباد حافظ محمد قاسم کا کزائس ایس پی نصیر آباد عرفان بشیر تحصیلدار بہار خان کھوسہ شامل تھے اس موقع پر کمشنر نصیر آباد ڈویژن عابد سلیم قریشی اور دیگر نے پولیس کے شہداء کے 57 خاندانوں میں راشن کے تھیلے تقسیم کیے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی کمشنر بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: اقراء سکولز ایسوسی ایشن بلوچستان کورونا وائرس کی وجہ سے اسکولوں کی بندش کے حوالے سے اجلاس کی صدارت عبدالنظا ہر کررہے ہیں

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سید صلاح الدین آغا کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا

ژوب (این این آئی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سید صلاح الدین آغا کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں گرانفروشوں، ناپ تول میں کمی، سلاوٹ کرنے بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس کا خطرہ، چہرے پر ماسک پہننا ضروری نہیں، ڈاکٹر ذیشان قیصر

عالمی ادارہ صحت کے مطابق اس وقت یہ مرض وبائی نہیں ہے، صحافیوں کے وفد سے غیر رسمی گفتگو

کراچی (این این آئی) شعبہ تحقیق سے منسلک ملک کے نامور ڈاکٹر ذیشان قیصر نے واضح کیا ہے کہ ماہرین کی عالمی متفقہ رائے کے مطابق چہرے پر ماسک پہننا ضروری نہیں ہے سوائے اس وقت کے جب آپ کو کسی کورونا وائرس کے متاثرہ مریض سے ملنا ہو، عالمی ادارہ صحت کے مطابق بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

حالات اور وبا کے سبب بے نیاز ہو کر اٹھارویں ترمیم کو چھیڑنے کی باتیں کی جارہی ہیں، مولانا حیدری

صوبوں کو مکمل خودمختاری ملنی چاہیے مگر حکومتی کارندے آنت بانت کی بولیاں بول رہے ہوتے ہیں

قلات میں کئی سالوں سے امن وامان اور سیکورٹی کے نام پر نیٹ کی بندش کا نوٹس لیا جائے، مرکزی سیکرٹری جنرل جمعیت علماء اسلام

قلات (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے 18 ویں ترمیم کے حوالے سے صدر پاکستان کے بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کو اس وقت اتحاد اور یکجہتی کی ضرورت ہے لیکن ملک کا صدر حالات اور وبا سے بے نیاز ہو کر اٹھارویں ترمیم کو چھیڑنے کی باتیں کی جارہی ہے جبکہ اٹھارویں ترمیم کی منظوری تمام صوبوں نے دی تھی اور صوبے اس حوالے سے کہہ بھی رہے ہیں کہ ہمیں ہمارے بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: بی این پی کے سیکرٹری اطلاعات رکن قومی اسمبلی آغا حسن، میر کامران خان کشانی، رضا جان شاہی زئی شبیک بلوچ سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کررہے ہیں

مدارس اسلامیہ حفاظت دین کے قلعے اور علوم اسلامیہ کے سرچشمے ہیں، حافظ محمد قاسم لہڑی

دینی مدارس نے ملک کی شرح خواندگی کو بڑھانے میں نہ صرف حکومت کا ہاتھ بٹایا

قلات (آن لائن) جمعیت علما اسلام قلات کے ترجمان حافظ محمد قاسم لہڑی نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ مدارس اسلامیہ حفاظت دین کے قلعے اور علوم اسلامیہ کے سرچشمے ہیں انکا بنیادی مقصد ایسے افراد تیار کرنا ہے جو ایک طرف اسلامی علوم کے ماہر دینی کردار کے حامل اور فکری اعتبار سے صراط مستقیم پر گامزن ہوں، دوسری طرف وہ مسلمانوں کی دینی و اخلاقی قیادت کی صلاحیت بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

جامعہ مہران جامشورو کی انتظامیہ نے ملازمین لیو الکیشمنٹ روک دی

ملازمین پریشان، مہران یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن (میوا) کی طرف سے احتجاج کا اعلان

حیدرآباد (این این آئی) جامعہ مہران جامشورو کی انتظامیہ نے ملازمین لیو الکیشمنٹ روک دی، ملازمین پریشان، مہران یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن (میوا) کی طرف سے احتجاج کا اعلان۔ مہران یونیورسٹی جامشورو کے سینڈیکیٹ سے منظور شدہ لیو الکیشمنٹ ہر سال عیدالفطر کے موقع پر دی جاتی ہے مگر جامعہ مہران کی انتظامیہ نے لاک ڈاؤن میں سندھ حکومت کے فیصلے کے انکار کے باعث روک دی۔

آزاد کشمیر میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کا 01 مریض سامنے آیا ہے، محکمہ صحت

آزاد کشمیر میں اب تک 2668 افراد کے ٹیسٹ لیے گئے، 2550 کے رزلٹ آچکے ہیں، رپورٹ

مظفرآباد (این این آئی) آزاد کشمیر میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 01 مریض سامنے آیا ہے جس کا تعلق مظفرآباد سے ہے۔ 150 نئے افراد کے کورونا وائرس کے شبہ میں ٹیسٹ لیے گئے۔ آزاد کشمیر میں اب تک 2668 افراد کے ٹیسٹ لیے گئے جن میں سے 2550 کے رزلٹ آچکے ہیں اور 79 افراد میں کورونا وائرس کی موجودگی پائی گئی ہے جن میں سے 60 افراد صحت یاب ہوچکے ہیں

رشکئی اکنامک زون منصوبے کا سنگ بنیاد رکھنے کیلئے انتظامات کو جلد حتمی شکل دی جائے، محمود خان

حطار، مہمند اور بونیر اکنامک زونز کے قیام پر بھی کام کی رفتار کو تیز کیا جائے، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمود خان نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ رشکئی اکنامک زون کا باضابطہ سنگ بنیاد رکھنے کیلئے تمام تر لوازمات اور انتظامات کو جلد حتمی شکل دی جائے اور اس سلسلے میں تمام کاموں کو بروقت مکمل کرنے کیلئے ٹائم لائنز مقرر کیے جائیں تاکہ قومی اہمیت کے حامل اس منصوبے پر عملی کام کے آغاز میں تاخیر نہ ہو۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو رشکئی اکنامک زون منصوبے بقیہ نمبر 70 صفحہ 3 پر

کسی مسلمان کی برائی اس کی غیر موجودگی میں بیان کرنا غیبت ہے، علامہ محمد الیاس عطار قادری

کسی کی غیبت کو محسن جانے کی تمنا کرنا حسد ہے حسد نیکیوں کو ایسے کھا جاتا ہے جیسے آگ لکڑی کو جلا دیتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) امیر اہلسنت حضرت علامہ محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ نے مدنی مذاکرے سے بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی مسلمان کی برائی اس کی غیر موجودگی میں بیان کرنا غیبت ہے اور کسی مسلمان کے بارے میں ایسی بات کرنا جس سے آپس میں لڑائی جھگڑا پیدا ہو یہ چغلی کہلاتی ہے، چغلی کی وجہ سے گھروں، محلوں وغیرہ میں لڑائی ہوتی ہے اگر کسی نے آپ کے سامنے کسی کی برائی کی تو اسے آگے نہ بڑھائیں کیونکہ گندگی پھیلانے سے گندگی میں اضافہ ہی ہوتا ہے۔ امیر اہلسنت بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

حکومت بلوچستان کی جانب سے گندم کی بین الاضلاع ترسیل پر پابندی غیر قانونی ہے، سید صالح آغا

حکومت نے ہمارے مطالبات تسلیم نہ کیے تو پورے ملک میں فلور ملز بند کردیں گے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان فلور ملز ایسوسی ایشن کے صدر سید صالح آغا نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے گندم کی بین الاضلاع ترسیل پر پابندی غیر قانونی ہے ہر سال 90 لاکھ بوری گندم بلوچستان سے سندھ اسمگل ہوتی ہے حکومت نے ہمارے مطالبات تسلیم نہ کیے تو پورے ملک میں فلور ملز بند کردیں گے ان خیالات کا اظہار سید صالح آغا نے کوئٹہ پریس کلب میں بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

بلوچستان سے تعلق رکھنے والے 95 فیصد عوام غریب ہیں، نصیر خان ترین

سیاسی جماعتیں، وزراء اور ارکان صوبائی اسمبلی پسند اور ناپسند کی بنیاد پر راشن تقسیم کررہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کوئٹہ سٹی کے صدر نصیر خان ترین نے لاک ڈاؤن میں نرمی کرنے پر وزیراعظم عمران خان اور انکی کابینہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس فیصلے سے عوام اور تاجروں کو ریلیف ملے گا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان سے تعلق رکھنے والے 95 فیصد عوام غریب ہیں جنہیں نہ تو صوبائی حکومت کی جانب سے نہ کوئی راشن ملا ہے اور نہ ہی احساس پروگرام سے بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

مسلم لیگ (ن) قلات ڈویژن کے صدر پر حملے کی مذمت

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر لیفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقادر بلوچ، صوبائی جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ نے مسلم لیگ (ن) قلات ڈویژن کے صدر میر شیر احمد جتکوئی کے قافلہ پر حملے میں زخمی ہونے کی مذمت کرتے ہوئے حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ حملے بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

وزیراعظم کی جانب سے لاک ڈاؤن میں نرمی کا اعلان خوش آئند ہے، سردار عاطف سنجرانی

مقامی معیشت کا پہیہ چلنے سے بے روزگاری میں کمی ہوگی جبکہ لوگ عید کی خریداری بھی کرسکیں گے

واہلعدین (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما و سابق ایم این اے سردار عاطف سنجرانی نے کہا ہے کہ وزیراعظم کی جانب سے لاک ڈاؤن میں نرمی کا اعلان خوش آئند ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے واہلعدین کے سب سے بڑے شاپنگ مال بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

لاک ڈاؤن کے خلاف نہیں چاہتے ہیں عوام کو روزگار کمانے کا موقع بھی ملنا ہے، سربراہ پاکستان سنی تحریک

مساجد میں نماز کی ادائیگی کیلئے وفاقی ایس او پیز کو مدنظر رکھتے ہوئے سندھ حکومت فوری اعلان کرے، ثروت اعجاز قادری

کراچی (این این آئی) سربراہ پاکستان سنی تحریک محمد ثروت اعجاز قادری نے کہا ہے کہ لاک ڈاؤن کے خلاف نہیں چاہتے ہیں عوام کو روزگار کمانے کا موقع بھی ملنا ہے، مساجد میں نماز کی ادائیگی کیلئے وفاقی ایس او پیز کو مدنظر رکھتے ہوئے سندھ حکومت فوری اعلان کرے، ثروت اعجاز قادری بھی ملتا رہے مکمل بازار دکھولنے کیلئے پالیسی بنیادوں پر مرتب کی جائے، چھوٹے چھوٹی دکانیں کھولنے کے حکومتی فیصلہ اچھا بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: مسجد روڈ پر ایک شخص ریڑھی پر بچوں کے ریڈی میڈ کپڑے فروخت کررہا ہے

ماہ صیام میں گرانفروشی اور ذخیرہ اندوزی سے دوکانداران گریز کرے، جاوید ڈومکی

عوام کو معیاری اور نرخ نامہ کے مطابق چیزیں فروخت کی جائے، اسسٹنٹ کمشنر واہلعدین

واہلعدین (این این آئی) گرانفروشی اور ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا اسسٹنٹ کمشنر واہلعدین جاوید ڈومکی کا بروز جمعہ واہلعدین شہر کے مختلف مارکیٹوں اور دوکانوں کا دورہ دوکانوں کے اندر روزمرہ استعمال ہونے والے چیزوں کا معیار اور سبزی مارکیٹ کا بھی دورہ کیا سبزی فروشوں کا نرخ نامہ اور پھل اور سبزیوں کا معیار بھی چیک کیا اسی جاوید ڈومکی کا کہنا تھا شہر کے اندر کسی کو بھی گرانفروشی کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی مختلف دوکانوں سے ذخیرہ اندوزی بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

وفاقی کارمضان میں لوڈشیڈنگ نہ کرنے کے فیصلے کی کیسکو نے دھجیاں اڑادی، مولانا قاری عبداللہ

رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں بجلی لوڈشیڈنگ گیس پریشر کی سے گھریلو زندگی بری طرح متاثر ہورہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام (نظریاتی) ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری عبداللہ، جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی، نائب امیر مولانا نیاز محمد ضلعی کنوینر مولانا محمد ابراہیم، ڈپٹی کنوینر مولوی رحمت اللہ خانی، تحصیل کچلاک امیر مفتی رحمت اللہ، مولانا محمد صادق مولوی عبدالصمد و دیگر نے کہا کہ وفاقی کارمضان میں لوڈشیڈنگ نہ کرنے کے فیصلے کی کیسکو نے دھجیاں اڑا دی کیسکو نے بھی بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

بلوچستان لاک ڈاؤن 46 ویں روز میں داخل، کورونا کیسز میں روز بروز اضافہ

کورونا کیسز میں روز بروز اضافے کے باوجود شہریوں کی حکومتی احکامات پر عملدرآمد میں غیر سنجیدگی ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی

شہر کی مختلف شاہراہوں پر ٹریفک کی آمدورفت اور حکومتی احکامات کی خلاف ورزی بھی نظر آرہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ سمیت لاک ڈاؤن 46 ویں روز میں داخل ہوگیا، کورونا کیسز میں روز بروز اضافے کے باوجود شہریوں کی حکومتی احکامات پر عملدرآمد میں غیر سنجیدگی ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں میں جزوی لاک ڈاؤن 46 ویں روز بھی جاری ہے، شہر کی مختلف شاہراہوں پر ٹریفک کی آمدورفت اور حکومتی احکامات کی خلاف ورزی بھی نظر آرہی ہے، لوگ لاک ڈاؤن کی افادیت جاننے کے باوجود اس پر عمل کرتے نظر نہیں آتے ہیں سڑکوں پر نکلے لوگ ہی لاک ڈاؤن پر عملدرآمد اور سماجی فاصلوں سے کورونا کو شکست دینے کا مشورہ دے رہے ہیں حکومت کی جانب بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

نصیر آباد: کمشنر عابد سلیم قریشی، ڈی آئی جی شہاب عظیم لہڑی اور ڈپٹی کمشنر حافظ محمد قاسم کا کزائس کے ورثاء میں راشن کررہے ہیں

گرانی میں موبائل فون ٹاور نہ ہونے کی وجہ سے علاقہ مکینوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے، لکری محمد آصف

منچھر (نامہ نگار) گرانی کے قبائلی رہنماؤں لکری محمد آصف محمد شبیر لکری غوث بخش محمد شبیر ملک مقصود محمد شبیر عبدالسلام محمد شبیر بلال محمد شبیر جمیل احمد محمد شبیر مزمل محمد شبیر اور دیگر نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ گرانی میں موبائل فون ٹاور نہ ہونے کی وجہ سے علاقہ مکینوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے اس بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

صحت پور میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے راشن کی تقسیم میں بندر بانٹ کا سلسلہ جاری ہے، محمد اسلم کھوسہ

صحت پور (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف صحت پور کے ضلعی جنرل سیکرٹری محمد اسلم کھوسہ نے کہا ہے کہ صحت پور میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے راشن کی تقسیم میں بندر بانٹ کا سلسلہ جاری ہے تحصیلدار بخاری سمیت دیگر افسران بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

جمل مکسی شہر میں گھریلو ناچاقی کے بنا پر شوہر نے بیوی کا گلا کاٹ دیا

جمل مکسی (نمائندہ خصوصی) جمل مکسی شہر میں گھریلو ناچاقی کے بنا پر شوہر نے بیوی کا گلا کاٹ دیا ملزم آلہ قتل سمیت فرار تھیلیات کے مطابق جمل مکسی شہر میں شوہر نے گھریلو تنازعہ پر بیوی کا گلا کاٹ کر سر دھڑ سے الگ کردیا اس جائے واردات سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا تفتیش پولیس کے قریب سے برآمد آلہ قتل کی اطلاع ملتے ہی متاثر بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

مرغی گوشت فی کلو 270 روپے ہوگا، تمام دکاندار ریٹ لسٹ سرکاری ریٹ پر عملدرآمد کرے، اسسٹنٹ کمشنر

خضدار (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر خضدار کے دفتر سے جاری ہونے والے اعلامیے کے مطابق کل سے مرغی گوشت فی کلو 270 روپے ہوگا۔ تمام دکاندار ریٹ لسٹ سرکاری ریٹ پر عملدرآمد کرے بصورت دیگر انکے خلاف کارروائی کی جائیگی۔

حکومت ناکام ہوچکی ہے فوری قومی حکومت تشکیل دیا جائے، ڈاکٹر قاسم بلوچ

پاکستان میں کورونا وائرس واجعہ بڑا رہا ہے فوری پاکستان میں مکمل لاک ڈاؤن کیا جائے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان غریبوں کی پارٹی کے چیئرمین ڈاکٹر قاسم بلوچ نے پارٹی کے عہدیداروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے حکومت ناکام ہوچکی ہے فوری قومی حکومت تشکیل دیا جائے اور پاکستان میں کورونا وائرس واجعہ بڑا رہا ہے فوری پاکستان میں مکمل لاک ڈاؤن کیا جائے اس لئے اس وقت غریبوں میں وائرس پھیلا رہی ہیں کیوں امیر اپنے گھروں میں ہے اور غریب بازاروں میں بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

مثالی امن وامان کی بحالی میری اولین ذمہ داری ہے، عرفان خلجی

امن وامان میں خلل ڈالنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائیگا

لوکھڑی (این این آئی) تحصیلدار لوکھڑی عرفان خلجی نے کہا کہ مثالی امن وامان کی بحالی میری اولین ذمہ داری ہے امن وامان میں خلل ڈالنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائیگا اشیاء خورد و نوش اور چوری کے خاتمہ کیلئے رات کے اوقات میں گشت بڑھا دی ہوا ہی فکایت پہ بھرپور ایکشن ہوگا انہوں نے کہا کہ نرخنامے کی پاسداری سمیت بازار کا دورہ کرکے قیمتوں میں توازن برقرار رکھ کر عوام کو ریلیف دیگے انہوں نے کہا کہ شہر کو کچرہ دانوں کے ڈھانوں سمیت ساتی خانوں سے جلد پاک کیا جائیگا انہوں نے کہا کہ عوام کی خدمت کیلئے 24 گھنٹے حاضر ہے کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ریسکیو فورس ہمہ وقت تیار ہیں۔ مثالی امن و امان کی بحالی میری اولین ذمہ داری ہے امن وامان میں خلل ڈالنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائیگا۔

جمعیت علماء اسلام ملک سکندر صاحب کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے، لکری عبدالرحمن پرکانی

مہربانی کرکے جس کام کی بنیاد آپ نے ڈالی ہے اس پر معاف مانگ کر مسئلہ ختم کریں اور شرپسند عناصر کو لگام دیں

صحبت پور (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی رہنما لکری عبدالرحمن پرکانی نے عوامی پریس کلب صحبت پور میں ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ دن جمعیت علماء اسلام کے سابق صوبائی جنرل سیکرٹری واجز بشن لیڈر ملک سکندر خان ایڈووکیٹ اپنے ترقیاتی کام کے مکمل ہونے پر افتتاحی تقریب کیلئے پہنچے تو بلوچستان عوامی پارٹی کے سینیٹر منظور کاکڑ نے اپنے شرپسند کارکنوں کو ملک سکندر کے آنے والے راستے میں کھڑے کرکے ملک سکندر کو افتتاحی تقریب جانے بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

مائیکو شہید ٹرسٹ منشیات کے خلاف روز اول سے برسرپیکار ہے، سید حسن آغا

آج پاکستان بھر میں سات ملین سے زیادہ افراد مختلف منشیات خصوصاً ہیروئن کے عادی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) مائیکو شہید ٹرسٹ برائے انسداد منشیات کے چیئرمین سید حسن آغا نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ پانی پیر میں محمد محمد اسماعیل مائیکو کی 31 ویں 11 مئی بروز سوموار عقیدت اور احترام سے منائی جائے گی انہوں نے اس بات پر زور دیتے ہوئے کہا کہ آج پاکستان بھر میں سات ملین سے زیادہ افراد مختلف منشیات خصوصاً ہیروئن کے عادی ہیں۔ جس کے براہ راست منفی اثرات بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

ٹیلر ماسٹرز کے لیے سرکاری ریٹ لسٹ جاری سادہ سلائی 600 اور اسٹیشن سلائی 700 روپے مقرر

خضدار (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر خضدار کے دفتر سے ٹیلر ماسٹرز کے لیے سرکاری ریٹ لسٹ جاری سادہ سلائی 600 اور اسٹیشن سلائی 700 روپے مقرر تمام ٹیلر ماسٹرز سرکاری نرخنامے پر من وعن عمل درآمد کرے۔ بصورت بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

حکومت مارکیٹوں کے ساتھ چمن بازار کو بھی تجارت کے لیے کھول دیا جائے، جاجی عبدالستار شاہ چشتی

حکومت غریب عوام کی مشکلات کا احساس کرکے روزگار اور علاج معالجہ کے لیے موقع دیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام (نظریاتی) پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید جاجی عبدالستار شاہ چشتی، مرکزی معاون کنوینر حاجی حیات اللہ کاکڑ صوبائی سالار عبدالولی سالار و دیگر چمن میں مختلف علاقوں اور جماعتی زمہ داران سے ملاقات